آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز جمعرات 07 جنوری 2021ء بمطابق 22 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 07

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

اگر استعفیٰ سے داعش کا مسئلہ حل ہوتا تو حکومت پاکستان مستعفی ہو جاتی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

دہشتگردی روزمرہ کے واقعات نہیں بلکہ ڈیزائنڈ اور فنانسڈ ہیں، دہشتگردی جیسے ناسور کا مقابلہ کرنے کیلئے ایک دوسرے کو کمزور کرنے کی بجائے متحد ہوکر آپس میں اتحاد واتفاق اور یکجہتی پیدا کرنا ہوگی

پاکستان اور بلوچستان کے دشمن امن نہیں چاہتے لیکن ان تمام مشکلات کے باوجود حکومت امن وترقی کے لئے کوشاں ہے صوبائی حکومت دہشتگردی کو کم کرنے کیلئے ہر اقدام اٹھائے گی

عوام ہماری ہے وزیر اعظم، صدر وزراء سب آئیں گے اور لواحقین سے تعزیت کریںگے، بلوچستان میں سیکورٹی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ اگر حکومت بلوچستان کے استعفیٰ سے داعش کا مسئلہ حل ہوتا تو حکومت پاکستان مستعفی ہو جاتی، دہشتگردی روزمرہ کے واقعات نہیں بلکہ ڈیزائنڈ اور فنانسڈ ہیں، دہشتگردی جیسے ناسور کا مقابلہ کرنے کیلئے ایک دوسرے کو کمزور کرنے کی بجائے متحد ہوکر آپس میں اتحاد واتفاق اور یکجہتی پیدا کرنا ہوگی، عوام ہماری ہے وزیر اعظم، صدر وزراء سب آئیں گے اور لواحقین سے تعزیت کریںگے، بلوچستان میں سیکورٹی صورتحال کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ولی عصر امام بارگاہ کوئٹہ میں پریس کانفرنس
بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

گوادر: صدر مملکت عارف علوی کو گوادر پورٹ دورے کے موقع پر چیئرمین جی پی اے نصیر خان کاشانی بریفنگ دے رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی سانحہ مچھ کے لواحقین کیساتھ مذاکرات ناکام

مچھ واقعہ افسوسناک ہے داعش سمیت امن و امان خراب کرنے والے عناصر کی سرکوبی کے لئے مربوط اقدامات اٹھائے جائیں گے، وزیر اعلیٰ جام کمال خان

پاکستان کے بیرونی دشمن ایسے ہتھکنڈے استعمال کر رہے ہیں کہ یہاں انتشار پھیلے انہیں ہمارے اندر سے ہی میر صادق اور میر جعفر مل جاتے ہیں، وفاقی وزیر علی زیدی

ہم نہیں چاہتے کہ ایسی روایت پڑ جائے کہ ہزارہ برداری کو ٹارگٹ کیا جائے تاکہ وہ بار بار دھرنے دیں جسکی وجہ سے انتشار پیدا ہو، عبدالخالق ہزارہ

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں وفد کے سانحہ مچھ کے لواحقین کے ساتھ مذاکرات ناکام، لواحقین نے وزیر اعظم کی آمد تک میتوں کی تدفین سے انکار کر دیا۔ وزیر اعلیٰ جام کمال خان نے کہا ہے کہ مچھ واقعہ افسوسناک ہے داعش سمیت امن و امان خراب کرنے والے عناصر کی سرکوبی کے لئے مربوط اقدامات اٹھائے جائیں گے شہداء کی میتوں کی تدفین کو وزیر اعظم کی آمد سے مشروط نہ کیا جائے ذمہ داری لیتا ہوں کہ وزیر اعظم آئیں گے اور شہداء کے مطالبات سنیں گے وفاقی اور صوبائی حکومتیں ملکر مسائل کو حل کریں گی، یکجہتی کا ماحول پاکستان اور بلوچستان دشمن عناصر کو پسند نہیں وہ ملک میں انتشار پھیلانا چاہتے ہیں تاکہ معاملات کو مزید خرابی کی طرف لیکر جایا جا سکے 10 سال سے بلوچستان جل رہا تھا آج اس صورتحال میں بہتری آئی
بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

مزید 52 افراد کورونا سے چل بسے، 2118 نئے کیسز رپورٹ

ملک بھر اب تک 4 لاکھ 92 ہزار 5 9 4 کیسز کی تعداد ہو چکی ہے، این سی او سی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 52 افراد کورونا وائرس سے چل بسے، 2118 نئے کیسز رپورٹ ہوئے۔ بدھ کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر نے کورونا کے تازہ اعداد وشمار جاری کر دیئے جس کے مطابق گزشتہ 24
بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سانحہ مچھ میں ملوث دہشت گرد عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کا کہنا ہے کہ سانحہ مچھ میں ملوث دہشت گرد عناصر کو کیفر
بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

کوہلو میں گاڑی الٹنے سے ضلعی ناظم صحت بارکھان جاں بحق

کوہلو (این این آئی) کوہلو میں گاڑی الٹنے سے ضلعی ناظم صحت بارکھان جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق
بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

ٹرک کی ٹکر سے دو موٹر سائیکل سوار جاں بحق

لسبیلہ (این این آئی) ٹرک کی ٹکر سے دو موٹر سائیکل سوار جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق مین آر سی ڈی
بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ کے تمام مجرموں کو گرفتار کیا جائے اور ان کو تحفظ فراہم کیا جائے، مرکزی انجمن بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن بلوچستان کے کوئٹہ شہر کے تمام یونٹوں نے جن میں مرکزی انجمن
بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاکستان میں ساری کمیونٹیز غیر محفوظ ہیں، مولانا فضل الرحمن

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ
بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

تمام تر وسائل کو استعمال میں لاتے ہوئے ریلوے کو ایک منافع بخش ادارہ بنایا جائے، اعظم سواتی

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے اعظم خان سواتی نے کہا ہے کہ تمام تر وسائل کو استعمال میں
بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں بدامنی کے واقعات میں بھارت کا ملوث ہونا خارج از امکان نہیں، شفقت محمود

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ بلوچستان میں فرقہ واریت کو فروغ دینے،
بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

بے حس اور پتھر دل انسان کا انکار کریں وہ آپ کو یا عوام کو جوابدہ نہیں، مریم نواز

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے مچھ میں قتل ہونے والے کان کنوں کی
بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

چیئرمین سینٹ سے اٹارنی جنرل کی ملاقات، قانونی سازی سمیت اہم امور پر گفتگو

اٹارنی جنرل نے چیئرمین سینٹ کو سپریم کورٹ میں سینٹ الیکشن سے متعلق دائر کئے گئے ریفرنس کے بارے میں بریف کیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے اٹارنی جنرل خالد جاوید خان نے ملاقات کی جس میں قانون سازی اور دیگر اہم امور پر گفتگو کی گئی۔ اٹارنی جنرل آف پاکستان نے چیئرمین سینیٹ کو سپریم کورٹ میں صدر مملکت کی جانب سے
بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اب وقت آگیا ہے عوام سے کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد کرنے کے لیے اپنے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لائیں، اسد قیصر

قومی اسمبلی کا اجلاس بلانے سے متعلق حتمی فیصلہ کیا جائے گا، چاہتا ہوں کہ قانون سازی کا عمل آگے بڑھے، حکومتی رہنماؤں کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ بطور عوامی نمائندوں کے اب وقت آگیا ہے ہم عوام سے کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد کرنے کے لیے اپنے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لائیں۔ بدھ کو اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی زیر صدارت حکومتی رہنماؤں کا
بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسٹیبلشمنٹ کو آنے کی ضرورت نہیں، جو کہتی ہے، ہو جاتا ہے، بات چیت کیلئے حکومت اپنے آپ کو بااختیار ثابت کرے، سراج الحق

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کو آنے کی ضرورت نہیں، جو کہتی ہے، ہو جاتا ہے۔ بات چیت کے لیے حکومت اپنے آپ کو بااختیار ثابت کرے۔ وزراء خود بے اختیاری کی شکایتیں کر رہے ہیں۔ جلسے جلوس کرنا اپوزیشن جماعتوں کا حق ہے، کسی اور فریق کو
بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

لاہور: سابق وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف احتساب عدالت میں پیشی کیلئے آ رہے ہیں

ملازمین کی تعداد کم اور پنشن لینے والوں کی تعداد بڑھ گئی، پاکستان ریلوے نے محکمے کی سالانہ رپورٹ 2020 جاری کردی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلوے نے محکمے کی سالانہ رپورٹ 2020 جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق ادارے میں ملازمین کی تعداد کم اور پنشن لینے والوں کی تعداد بڑھ گئی۔ ریلوے میں ملازمین کی تعداد کم ہو کر 67 ہزار 627 رہ گئی جن کی تنخواہوں کی مد میں 2 کروڑ 82 لاکھ 14 ہزار 477 روپے خرچ ہو رہے
بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ایبٹ آباد: پارلیمنٹ کی کمیٹی برائے کشمیر کے چیئرمین شہریار خان آفریدی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

نیب سے مطمئن نہیں، احتساب قانون کے مطابق نہیں ہوگا تو ادارے کیخلاف ایکشن لیں گے، سپریم کورٹ

ہم نیب سے مطمئن نہیں ہیں، نیب کو کام سے کون روکتا ہے ہمیں بتائیں، نیب ہمیں ٹرک کی بتی کے پیچھے نہ لگائے، چھوٹے افسران کو پکڑ لیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس عمر عطا بندیال نے جعلی اکاؤنٹس سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران قومی احتساب بیورو (نیب) پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے ہم نیب سے مطمئن نہیں ہیں، نیب کو کام سے کون روکتا ہے ہمیں بتائیں تاکہ اسے پکڑیں کیونکہ احتساب قانون کے مطابق نہیں ہوگا تو ادارے کیخلاف ایکشن لیں گے۔ بدھ کو عدالت عظمیٰ میں جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے جعلی بینک اکاؤنٹس کیس میں ڈاکٹر ڈنشا اور جمیل بلوچ
بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی سے کیوبا کے سفیر الوداعی ملاقات، ثقافت کے شعبے میں تعاون پر زور

پاکستان عظیم اور متنوع ثقافتی ورثے کا امین ہے، ثقافت اور میڈیا کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز سے کیوبا کے سفیر گیبریل تیل کیپوت نے الوداعی ملاقات کی جس میں ثقافت کے شعبے میں تعاون پر زور دیا گیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان عظیم اور متنوع ثقافتی ورثے کا امین ہے، ثقافت اور میڈیا کے
بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ہمارا پڑوسی فرقہ وارانہ دہشتگردی کو ہوا دے رہا ہے، وزیر اعظم

مچھ میں سفاکانہ دہشت گردی کے حملے میں اپنے پیاروں کو کھو دینے والے ہزارہ خاندانوں کو دوبارہ یقین دلاتا ہوں کہ میں آپ کے دکھ اور مطالبات سے آگاہ ہوں

اپنے پیاروں کی میتوں کی تدفین کردیں، وزیر اعظم کی سانحہ مچھ کے لواحقین کے پاس جلد آنے کی یقین دہانی، مستقبل میں حملوں کو روکنے کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، عمران خان

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے مچھ میں ہونے والے دہشت گرد حملے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے ہزارہ خاندانوں سے کہا ہے کہ وہ جلد ان کے پاس آئیں گے تاہم ان سے اپیل ہے کہ وہ میتوں کی تدفین کر دیں۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں وزیر اعظم عمران خان نے لکھا کہ میں مچھ میں سفاکانہ دہشت گردی کے حملے میں اپنے پیاروں کو کھو دینے والے ہزارہ خاندانوں کو دوبارہ یقین دلاتا ہوں کہ میں آپ کے دکھ اور مطالبات سے آگاہ ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ ہم مستقبل میں اس طرح کے حملوں کو روکنے کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں اور
بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ میں ملوث ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، شیخ رشید

اسلام آباد میں احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے، کوئی مسئلہ نہ ہوا تو قانون حرکت میں نہیں آئے گا

سانحہ مچھ میں ملوث افراد کو نہیں چھوڑیں گے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ سانحہ مچھ میں ملوث افراد کو نہیں چھوڑیں گے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ میں نے وزیر اعظم کی ہدایت پر کوئٹہ کا دورہ کیا، معلوم نہیں وزیر اعظم کوئٹہ جاتے ہیں یا نہیں، متاثرین کے آٹھ میں سات مطالبات مان لیے ہیں، ان کو سمجھنا چاہیے یہ ایک عالمی سازش ہے، کونے کونے میں سرچ آپریشن کیا جا رہا ہے، کافی دہشت گروں کو کیفر کردار تک پہنچایا ہے تاہم جنہوں نے یہ واقعہ کیا انہیں نہیں چھوڑیں گے۔ ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ وزیر داخلہ شیخ رشید نے پی ڈی ایم کے دھرنے سے متعلق کہا کہ اسلام آباد میں احتجاج اپوزیشن کا جمہوری حق ہے، وزیر اعظم نے کہا ہے وہ لوگ آتے ہیں تو آنے دیں، کوئی مسئلہ نہ ہوا تو قانون حرکت میں نہیں آئے گا، اگر وہ آرہے ہیں تو میں یہی کرسکتا ہوں کہ ان کے راستے میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا کہ اسلام
بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سعودی سفیر کی وفاقی وزیر غلام سرور خان سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

وفاقی وزیر کا خلیجی ممالک میں پیش رفت کا خیر مقدم، خطے کی خوشحالی اور امن میں بہتری کے لئے خوش آئند قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے وفاقی وزیر برائے ہوابازی غلام سرور خان سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بدھ کو ہونے والی ملاقات میں ایوی ایشن کے حوالے سے دونوں ممالک میں مزید بہتری کے لئے اقدامات کرنے پر گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر نے قطر اور سعودی عرب کے تعلقات کی بحالی پر سعودی سفیر کو مبارکباد پیش کی۔ وفاقی وزیر نے خلیجی ممالک میں پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے کی خوشحالی اور امن میں بہتری کے لئے خوش آئند قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے پاکستان اور سعودی عرب
بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

احتساب قانون کے مطابق نہیں ہوگا تو ادارے کیخلاف ایکشن لیں گے، ججز

نیب ہمیں ٹرک کی بتی کے پیچھے نہ لگائے، چھوٹے افسران کو پکڑ لیا اصل فائدہ لینے والے کو نہیں پکڑتے ہیں اور ملزم کو چھوڑنے کا الزام سپریم کورٹ پر آتا ہے

سپریم کورٹ نے باغ ابن قاسم کرپشن کیس میں ڈاکٹر ڈنشاہ کی ضمانت منظور کرلی، ملک کو بچانا ہے یا نہیں، کرتا نیب ہے بھگتی سپریم کورٹ ہے، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے باغ ابن قاسم کرپشن کیس میں ڈاکٹر ڈنشاہ کی ضمانت منظور کرلی جبکہ ججز نے ریمارکس دیئے ہیں کہ احتساب قانون کے مطابق نہیں ہوگا تو ادارے کیخلاف ایکشن لیں گے، نیب ہمیں ٹرک کی بتی کے پیچھے نہ لگائے، چھوٹے افسران کو پکڑ لیا اصل فائدہ لینے والے کو نہیں پکڑتے ہیں اور ملزم کو چھوڑنے کا الزام سپریم کورٹ پر آتا ہے، ملک کو بچانا ہے یا نہیں، کرتا نیب ہے بھگتی سپریم کورٹ ہے۔ بدھ کو سپریم کورٹ میں باغ ابن قاسم کرپشن کیس سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نے ریمارکس دیے کہ اس ملک کے ساتھ نیب کیا کر رہا ہے، اس سکینڈل کے اصل ملزم پر نیب نے ہاتھ نہیں ڈالا، نیب کے پاس اپنی مرضی سے کام کرنے کا اختیار نہیں، نیب نے اپنی مرضی کرنی ہے تو سیکشن 9 میں ترمیم کرے پھر جو مرضی کرے۔ جس پر پراسیکیوٹر جنرل نے جواب دیا کہ نیب اپنی مرضی نہیں کرتا، ملزم کو پکڑ کر 24 گھنٹوں میں احتساب عدالت میں پیش کر دیا جاتا
بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر سید امین الحق سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان کی ملاقات

گلگت بلتستان آئی ٹی پارک سے تجربات حاصل کرنے والے پروفیشنل سی پیک میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، سید امین الحق

ڈیجیٹل ورلڈ میں گلگت بلتستان کے لوگ اپنا حصہ شامل کرنا چاہتے ہیں، منصوبوں کی تکمیل سے گلگت بلتستان میں ٹیکنالوجی کا انقلاب آئے گا، وزیر اعلیٰ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید نے ملاقات جس میں گلگت بلتستان میں براڈ بینڈ سروسز اور آئی ٹی پارکس کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ وفاقی وزیر آئی ٹی سید امین الحق نے کہا کہ ڈیجیٹل پاکستان ویژن کے تحت ممکن نہیں کہ کوئی علاقہ ڈیجیٹلائزیشن سے محروم رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں فوری سروسز کی فراہمی کیلئے تمام امور پر تیزی سے کام جاری ہے، تھری جی/فور جی سروسز کی فراہمی کے انتظامات حتمی مراحل
بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پاکستان معاشی سلامتی پر مبنی ریاست بنانے کی راہ پر گامزن ہے، معید یوسف

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے قومی سلامتی معید یوسف نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی سلامتی پر مبنی ریاست بنانے کی راہ پر گامزن ہے، ہم دنیا کو معاشی شراکت اور سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کریں گے، پاکستان عالمی اقتصادی مرکز بنے گا۔ بدھ کو معاون خصوصی برائے قومی سلامتی معید یوسف کی زیر صدارت
بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

لاہور: شدید دھند کے باعث اورنج لائن ٹرین آمد و رفت مشکل کا سامنا ہے

مولانا فضل الرحمان ماضی میں بھی نواز شریف کے ایجنٹ تھے، شہزاد اکبر

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے احتساب شہزاد اکبر نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان ماضی میں بھی نواز شریف کے ایجنٹ تھے، مجھے نہیں آتا نواز شریف کا اس وقت بھی اتحاد کس کے ساتھ تھا؟ ایک انٹرویو میں معاون خصوصی برائے احتساب شہزاد اکبر نے کہا کہ حکومت نے صرف علاج کی غرض سے نواز شریف
بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

عمر ایوب اور ندیم بابر کی سعودی سفیر سے ملاقات، توانائی اور پٹرولیم سیکٹر میں جاری منصوبوں پر گفتگو

موجودہ حکومت کی سرمایہ کاری سے متعلق دوستانہ پالیسیوں کی وجہ سے توانائی سیکٹر میں سرمایہ کاری بڑھی، عمر ایوب

دونوں مسلم ممالک کے مابین معاشی تعاون کو فروغ دینے کیلئے مزید اقدامات کئے جائیں گے، سعودی سفیر کی ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب اور معاون خصوصی پٹرولیم ندیم بابر نے سعودی سفیر سے ملاقات کی جس میں توانائی اور پٹرولیم سیکٹر میں جاری منصوبوں پر مشاورت کی گئی۔ وزیر توانائی نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں، موجودہ حکومت کی سرمایہ کاری سے متعلق دوستانہ پالیسیوں کی وجہ سے توانائی سیکٹر میں سرمایہ کاری بڑھی۔ عمر ایوب نے کہا کہ نئی متبادل انرجی پالیسی کے تحت مقامی وسائل سے پاور جنریشن منصوبوں پر کام
بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے بچے بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا میرا مشن ہے، سردار یار محمد رند

اس مشن کو اساتذہ کے بغیر پورا کرنا ممکن نہیں، گلوبل پارٹنرشپ پراجیکٹ کے اساتذہ کے مطالبات جائز ہیں

ہم ان کے ساتھ ہیں، انکو مستقل کرنے کیلئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لارہے ہیں، صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان کے بچے بچے کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا میرا مشن ہے اور اس مشن کو اساتذہ کے بغیر پورا کرنا ممکن نہیں، گلوبل پارٹنرشپ پراجیکٹ کے اساتذہ کے مطالبات جائز ہیں اور ہم ان کے ساتھ ہیں، انکو مستقل کرنے کیلئے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے گلوبل پارٹنرشپ پراجیکٹ کے اساتذہ کے دھرنے میں اظہار یکجہتی کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر بلوچستان اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل اور تحریک انصاف کے رہنماء بابر یوسفزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ سردار یار محمد رند نے گلوبل پارٹنرشپ پراجیکٹ کے
بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ کے شہداء کے لواحقین کیساتھ دکھ درد کرب کی اس گھڑی میں برابر کے شریک ہے، اصغر خان اچکزئی

جس دور سے ہزارہ قوم گزر رہی ہے ہم بحیثیت جماعت اور فرد خود اس دور سے گزشتہ 20 برسوں سے گزر رہے ہیں، عوامی نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر و صوبائی پارلیمانی لیڈر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ سانحہ مچھ کے شہداء کے لواحقین کیساتھ دکھ درد کرب کی اس گھڑی میں برابر کے شریک ہے جس دور سے ہزارہ قوم گزر رہی ہے ہم بحیثیت جماعت اور فرد خود اس دور سے گزشتہ 20 برسوں سے گزر رہے ہیں ہمیں سب سے بڑھ کر اسکا احساس ہے دنیا کی مسلمہ اصول ہے کہ حکمران اور ریاست رعایا کی جان و مال عزت و آبرو کے ذمہ دار ہے وزیر اعظم کا اب تک دھرنے کے شرکاء
بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

مچھ واقعے کے لواحقین اور شرکا لاشیں دفن کریں، احتجاج ختم کریں، معاون خصوصی وزیر اعظم

ہمیں ایک دوسرے کا ساتھ دینا ہے، دشمنوں کے ہاتھوں استعمال نہیں ہونا ہے

پانچ سے چھ دن بعد عمران خان صاحب ان سے ضرور ملنے آئیں گے، سید ذوالفقار عباس بخاری

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعظم کے معاون خصوصی سید ذوالفقار عباس بخاری نے کہا ہے کہ مچھ واقعہ کے لواحقین اور شرکا لاشیں دفن کریں، احتجاج ختم کریں، اس کے پانچ سے چھ دن بعد عمران خان صاحب ان سے ضرور ملنے آئیں گے۔ ہمیں ایک دوسرے کا ساتھ دینا ہے، دشمنوں کے ہاتھوں استعمال نہیں ہونا ہے۔ غیر ملکی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق بلوچستان کے علاقے مچھ میں دس ہزارہ کان کنوں کے قتل کے بعد کوئٹہ میں ہونے والے احتجاجی مظاہرے میں جہاں لواحقین میتیں لیے بیٹھے ہیں وہیں وزیر اعظم عمران خان کا احتجاجی مظاہرے کے شرکا سے ملنے کا مطالبہ بھی بڑھتا جا رہا ہے۔ کوئٹہ میں جاری اس احتجاجی دھرنے کے بارے میں بات کرتے ہوئے مجلس وحدت المسلمین کے رہنما اور سابق صوبائی وزیر آغا رضا نے ایک روز پہلے کہا تھا
بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

مچھ واقعے میں ملوث افراد نے پاکستان اور اسلام کو بدنام کرنے کی کوشش کی، مولانا طاہر اشرفی

عالمی دہشت گرد تنظیموں کو بھارت فنڈنگ کر رہا ہے، واقعے میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا، معاون خصوصی وزیر اعظم

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے مذہبی ہم آہنگی مولانا طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ مچھ واقعے میں ملوث افراد نے پاکستان اور اسلام کو بدنام کرنے کی کوشش کی۔ بلوچستان کے علاقے مچھ میں کوئلہ کان میں کام کرنے والے 10 مزدوروں کی ہلاکت پر جاری اپنے تحریری بیان میں مولانا طاہر اشرفی نے کہا کہ مچھ واقعہ بھی پاکستان کو بدنام کرنے کیلئے تھا، ملوث افراد نے اسلام اور پاکستان کو بدنام کیا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی دہشت گرد تنظیموں کو بھارت فنڈنگ
بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

سینٹ انتخابات چھوڑے تو حکومت کو اکثریت مل سکتی ہے، احسن اقبال

پشاور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال نے کہا ہے کہ سینٹ انتخابات چھوڑے تو حکومت کو اکثریت حاصل ہوسکتی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ حکومت کو اکثریت مل گئی تو پھر یہ سب ترمیم کریں
بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

مراد علی شاہ کو غلامی پر وزیر اعلیٰ سندھ بنایا گیا، زرداری کے سہولت کار کا کردار ادا کرتے رہے، مراد سعید

12 سال سے حکومت میں ہو پھر بھی نالے صاف کرانے کیلئے این ڈی ایم اے کی مدد لیتے ہو، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد سعید نے کہا ہے کہ مراد علی شاہ کو غلامی پر وزیر اعلیٰ سندھ بنایا گیا، زرداری کے سہولت کار کا کردار ادا کرتے رہے، 12 سال سے حکومت میں ہو پھر بھی نالے صاف کرانے کیلئے این ڈی ایم اے کی مدد لیتے ہو آپ گوداموں سے گندم اور چینی چوری کرتے ہو جعلی اکاؤنٹس کی جے آئی ٹی پڑھ کر مراد علی شاہ کا اصل چہرہ سامنے آجائے گا۔ پی ڈی ایم کی جلسیاں ناکام ہونے کے بعد نازیبا زبان استعمال کی جا رہی ہے۔ وزیر اعظم
بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ملکہ کوہسار مری میں برفباری دیکھنے کیلئے سیاحوں کا غیر معمولی رش بڑھنے لگا، ٹریفک نفری بڑھا دی گئی

مری (این این آئی) ملکہ کوہسار مری میں برفباری دیکھنے کیلئے سیاحوں کا غیر معمولی رش بڑھنے لگا۔ سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے ٹریفک روانی بحال رکھنے کیلئے نفری بڑھا دی، گزشتہ رات بارہ بجے تک صرف چار گھنٹوں کے دوران ہزاروں گاڑیاں مری میں داخل
بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم بلوچستان کیوں نہیں پہنچے، شیری رحمان

وزیر اعظم کو ہزارہ برادری کے ساتھ زمین پر موجود ہونا چاہیے تھا، پیپلز پارٹی کی رہنما کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں پیپلز پارٹی کی پارلیمانی لیڈر سینیٹر شیری رحمان نے وزیر اعظم عمران خان کی کوئٹہ میں غیر موجودگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پورا ملک بلوچستان کے علاقے مچھ میں وزیر اعظم کی عدم موجودگی پر سوال اٹھا رہا ہے تاہم وہ کہیں نظر نہیں آ رہے، ٹویٹر پر مچھ واقعے کی مذمت کرنا کافی نہیں ہے۔ وزیر اعظم کو ہزارہ برادری کے ساتھ زمین پر موجود ہونا چاہیے تھا۔ شیری رحمان نے اپنے بیان میں کہا کہ پچھلے تین دن سے ہزارہ برادری کے
بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

لاہور: سانحہ مچھ کیخلاف ایف ایم جیز کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

افغانستان کا مچھ واقعے میں جاں بحق 3 افراد کی لاشیں حوالے کرنے کا مطالبہ

مذکورہ تین میتیوں کو براستہ چمن-اسپین بولدک راہداری سے افغانستان منتقل کرنے کی اجازت دے دیں

کوئٹہ میں وزارت خارجہ کے کیمپ آفس کو 5 جنوری کو لکھے گئے افغان قونصل جنرل کا خط موصول ہوا ہے

کوئٹہ (آن لائن) افغانستان کے قونصل جنرل نے وزارت خارجہ کو لکھے گئے خط میں درخواست کی ہے کہ بلوچستان کے ضلع بولان کے پہاڑی علاقے میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے 11 کان کنوں میں سے 3 کی لاشیں افغانستان بھیج دی جائیں۔ کوئٹہ میں وزارت خارجہ کے کیمپ آفس کو 5 جنوری کو لکھے گئے افغان قونصل جنرل کا خط موصول ہوا ہے جس میں انہوں نے اپنے شہریوں کی میتیں وطن بھیجنے کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے لکھا کہ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ بلوچستان کے ضلع بولان میں مچھ میں دہشت گردی کا واقعہ پیش آیا جو دونوں ممالک کی حکومت کے خلاف اور
بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی کال پر ڈویژنل انفارمیشن آفس سبی نے دو گھنٹے کی ٹوکن ہڑتال شروع کردی

سبی (این این آئی) محکمہ تعلقات عامہ بلوچستان نے جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی کال پر ڈویژنل انفارمیشن آفس سبی نے دو گھنٹے کی ٹوکن ہڑتال شروع کر دی ہے ہڑتال 12 بجے سے 2 بجے تک ہوگی مطالبات منظور نہ ہونے کی صورت میں اس میں مزید شدت لا کر مکمل ہڑتال کیا جائے گا ڈویژنل انفارمیشن آفس سبی کے
بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

لاہور: سانحہ مچھ کیخلاف وحدت المسلمین کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سریاب روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

07 جنوری 2021ء

سانحہ مچھ، ملک گیر احتجاج

مچھ کے علاقے گیشتری میں ہونیوالے لرزہ خیز سانحہ جس میں گیارہ معصوم بے گناہ محنت کشوں کو ہاتھ پاؤں باندھ کر بے دردی سے قتل کیا گیا، یہ سفاکیت کی بدترین مثال ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، ہمارا قانون نافذ کرنے والے اداروں سے سوال ہے کہ نیشنل ایکشن پلان، ضرب عضب اور دیگر درجنوں آپریشنز کے بعد بھی وہ کوئٹہ میں ہزارہ قبیلے کے تحفظ اور ملک بھر میں دیگر ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی روک تھام میں ناکام کیوں ہیں؟ تا حال ایسے واقعات میں ملوث قاتلوں کو گرفتار کیوں نہیں کیا جاسکا؟ جبیوں قاتلوں کا جتھہ واردات کر کے کیسے فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا؟ قاتل اتنے طاقتور کیوں ہیں؟ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں تسلسل کے ساتھ ہزارہ قبیلے کے افراد کا قتل عام کر نیوالوں کیخلاف فیصلہ کن ٹارگٹڈ آپریشن کیا جائے اور سفاک قاتلوں اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے شکنجے میں جکڑ کر انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ کوئٹہ میں تسلسل کے ساتھ ہزارہ قبیلے کے افراد کا قتل عام کر نیوالوں کیخلاف فیصلہ کن ٹارگٹڈ آپریشن کیا جائے اور سفاک قاتلوں اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے شکنجے میں جکڑ کر انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ کوئٹہ میں ظلم کی داستان کا یہ عالم ہے کہ" سانحہ مچھ کے باعث ایک خاندان میں میتیں دفنانے کیلئے کوئی مرد تک نہیں بچا" تکفیری دہشتگرد و مائنڈ سیٹ عناصر کی جانب سے منصوبہ بندی کے ساتھ دہشتگردی کے اس واقعہ کو ہابیرڈ وارفیر کا نام دے کر عوام کو بے وقوف نہیں بنایا جاسکتا پوری دنیا جانتی ہے کہ ایک خاص مائنڈ سیٹ کے لوگ عرصہ دراز سے ملک میں دہشتگردی میں ملوث ہیں۔ شیعہ علماء کونسل پاکستان کی جانب سے سانحہ گیشتری کیخلاف 8 جنوری بروز جمعہ بعد از نماز جمعہ ملک گیر یوم احتجاج منایا جائیگا۔ حکومت پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وزارت خارجہ اس اہم مسئلہ کے حل کیلئے یو اے ای حکومت سے بات کرے اور پاکستانی شہریوں کے یو اے ای میں کاروبار اور نوکریوں پر عائد پابندیوں کے خاتمے اور ان کے کاروبار و نوکریوں کی بحالی کیلئے ہنگامی سطح پر اقدامات کرے۔

کیا دنیا کٹھ پتلی ریاست بن جائے گی؟

"یہ خود وائرس بنائیں گے پھر اس کی ویکسین بنا کر اربوں ڈالر کمائیں گے" یہ الفاظ لیبیا کے

ایم سرور صدیقی

مرد آہن کرنل معمر قذافی نے اپنے قتل سے ایک سال پہلے ایک تقریب کے دوران کہے تھے اس وقت تو دنیا کو اس بات کی سمجھ ہی نہیں آئی تھی پھر 2019ء میں کرونا وائرس منظر عام پر آیا تو بہت سے لوگوں نے اپنے شدید تحفظات کا کھل کر اظہار کیا تھا کچھ کا خیال تھا یہ دنیا کی معیشت کنٹرول کرنے کے لئے عالمی طاقتوں کی گھناؤنی سازش ہے بیشتر اسے دنیا کی آبادی کنٹرول کرنے کا پیش خیمہ قرار دیے رہے تھے کہ انسانوں میں ایک مائیکرو چپ لگادی جائے گی یا پھر ہر شخص کے لئے ویکسین لازمی قرار دے دی جائیگی جس سے انسان کے دماغ کو کنٹرول کیا جاسکے گا اس میں اچھے، برے، منفی جذبات پیدا کئے جاسکیں گے انسان ایک کٹھ پتلی بن جائے گا یا پھر چابی والا کھلونا۔۔ یہ سب کچھ انتہائی خوفناک لگتا ہے اسی بناء پر درجنوں ماہرین معاشیات یہ بھی الزام لگاتے رہے کہ اس سازش میں بل گیٹس ملوث ہے جو 5G ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنے مقاصد حاصل کریں گے بہرحال کرونا وائرس دنیا کے لئے انتہائی خوفناک ثابت ہوا جس نے پورا نظام تلپٹ کرکے رکھ دیا کہتے ہیں دوسری جنگ عظیم کے بعد یہ ایک بڑا معاشی بحران تھا جس سے کم وبیش ایک ارب لوگ شدید متاثر ہوئے کروڑوں غربت کے خط لکیر سے بھی نیچے چلے گئے اب تک لاکھوں افراد اس موذی مرض کا شکار ہوکر چل بسے اور 10 کروڑ اس وباء میں مبتلا ہیں یہ زمینی حقائق اپنی جگہ مسلمہ ہیں لیکن معروف جریدے کانومسٹ میگزین اپریل 2020 شمارے میں 5 خفیہ پلانز کا اعلان کیا گیا تھا جس نے بہت سے اسرار سے پردہ ہٹادیا اور پوشیدہ سوالات کے جواب مل گئے ہیں کانومسٹ میگزین کے اس مضمون میں پانچ یہودی پلانز کو ڈی کوڈ کا تذکرہ کیا گیا ہے جسے دلچسپ بھی ہے خوفناک بھی اور اسے ہولناک بھی کہا جاسکتا ہے نمبر 1: Everything is Under Control اس کے معنی ہیں" ہر چیز طے شدہ منصوبے کے مطابق ہمارے کنٹرول میں ہے"۔ ایک طرف پوری دنیا کرونا سے ڈر کر گھروں میں بیٹھی ہوئی ہے، حکومتیں سکڑ کر دارالحکومتوں تک محدود ہو گئیں، جبکہ عوام کو دو وقت کی روٹی کے لالے پڑ گئے، کئی ممالک کو اپنی حیثیت برقرار رکھنے کے خطرے کا سامنا ہے لیکن آپ غور کریں وہیں یہودی میگزین فخریہ کہتا ہے کہ Everything is Under Control. یہ بات عقلمندوں کے کان کھڑے کرنے کے لئے کافی ہے۔ کرونا وائرس کے ذریعے جس جال کو بچھایا گیا ہے وہ بالکل توقعات کے عین مطابق پورا ہو رہا ہے تبھی تو یہودی میگزین فخریہ کہتا ہے کہ سب کچھ طے شدہ منصوبے کے مطابق ان کے کنٹرول میں ہے۔ نمبر 2: Big Government اس سے مراد عالمی حکومت ہے۔ اس بڑی حکومت کو یہودی دانا بزرگوں کی خفیہ دستاویزات دی الیومیناٹی پروٹوکولز میں "سپر گورنمنٹ" کے نام سے بار بار بیان کیا گیا ہے۔ اس کی تفصیلات بھی ہولناک ہیں جن کے مطابق پوری دنیا کی ایک ہی "عالمی سپر گورنمنٹ" بنائی جائے گی جس کا حکمران فرعون و نمرود کی طرز پر پوری دنیا پر اپنے مسیحا کے ذریعے حکمرانی کرے گا اگر بطور جائزہ لیا جائے تو کہا جاسکتا ہے یہ صیہونی منصوبہ جس پر نہ جانے کب سے عمل ہو رہا ہے اقوام متحدہ کی صورت میں ان کی عالمی حکومت بن چکی ہے محض اس کا اعلان نہیں کیا گیا اس منصوبے کے تحت یہ بھی ہوسکتا ہے کہ مستقبل میں کسی بھی وقت دنیا میں کرائسز پیدا کرکے (جیسے اس وقت ہیں) اقوام متحدہ کو ایک عالمی سپر حکومت میں تبدیل کر دیا جائے اگر ایسا ہو گیا تو اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں کو وزارتوں میں تبدیل کر کے اسے عالمی سپر گورنمنٹ قرار دے دیا جائے گا اور اس حکومت کی باگ دوڑ یہودی النسل ایسے شخص کے ہاتھ دی جائے گی جو دجال کے لئے ہیکل سلیمانی تعمیر کرے گا اور یہودیوں کو چھوڑ کر باقی پوری دنیا کی اقوام کو اپنا غلام بنائے گا۔ اب موجودہ صورت حال کے تناظر میں اس بات پر بھی غور کیا جائے تو کئی گتھیاں سلجھتی ہوئی محسوس ہوں گی کیونکہ برطانوی وزیر اعظم سے لیکر بہت سے عالمی رہنماؤں نے اب کھل کر کہنا شروع کر دیا ہے کہ ایک عالمی حکومت بننی چاہیے لگتا ہے یہ سب اسی عالمی سپر گورنمنٹ بنانے کی راہ ہموار کر رہے ہیں تاکہ دنیا پر حکمرانی کی جاسکے اب اگر اقوام متحدہ کا کوئی ایسا حکمران بن جائے جو ویکسین دینے کا اعلان کر دے تو دنیا کے تمام ممالک اس کی حکمرانی تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائیں گے نمبر 3: Liberty لبرٹی کا مطلب ہے" آزادی"۔ یہاں شاید آزادی سے مراد دنیا کو جو آزادی حاصل ہے اس کا کنٹرول اس" خفیہ ہاتھ" کے پاس ہونا چاہیے ہوسکتا ہے جو اکانومسٹ نے بطور علامت اپنے کور فوٹو پر نمایاں کیا ہے۔ یہ وہ "خفیہ ہاتھ" ہیں جو پس منظر میں رہنے کے باوجود پوری دنیا کو چلانے کی صلاحیت رکھتے ہیں جس کا عملی مظاہرہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہے آپ ان خفیہ ہاتھوں کو یہودیوں کے 13 خفیہ خاندان فرض کر لیں تو ساری کہانی آپ کی سمجھ میں آتی چلی جائے گی اس وقت پوری دنیا کی معیشت، زراعت، میڈیا، حکومت الغرض ہر چیز کی باگ دوڑ ان کے ہاتھوں میں ہے، ورلڈ بینک ہو یا آئی ایم ایف یہ تمام ادارے ان کے فنڈز سے چلتے ہیں اقوام متحدہ کے تمام اخراجات یہی کر رہے ہیں، اقوام متحدہ کے تمام بڑے اداروں کے سربراہان ان کے اپنے لوگ اور یہودی النسل ہیں یہی وجہ ہے کہ اقوام متحدہ ان کے گھر کی لونڈی ہے کیونکہ روز روشن کی طرح یہ بات عیاں ہے کہ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک جیسے ادارے درحقیقت اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے ہی ہیں آج یہ 13 یہودی خاندان اپنے مسیحا کے انتظار میں ہیں جس کے بارے حال ہی میں اسرائیلی یہودی ربی اور یہاں تک کہ اسرائیلی سرکاری وزراء بھی اعلان کر چکے ہیں کہ مسیحا اسی سال آرہا ہے۔ حتیٰ کہ ایک نے تو یہ بھی کہہ دیا ہے کہ وہ مسیحا سے ملاقات بھی کر چکا ہے اور بتادیا کہ مسیحا اسی سال کسی بھی وقت آجائے گا۔ یعنی یہ لوگ جانتے ہیں کہ مسیحا کون ہے لیکن اس کا فی الحال اعلان نہیں کیا جارہا۔ نمبر 4: وائرس اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ " کرونا وائرس" کا کنٹرول بھی اسی" خفیہ ہاتھوں" میں ہے۔ آج جبکہ پوری دنیا وائرس کے خوف سے کانپ رہی ہے تو یہ لوگ کون ہیں جو کہتے ہیں کہ وائرس ان کے قابو میں ہے؟ یا ہم یوں کہہ سکتے ہیں کہ وائرس کے ذریعے انہوں نے پوری دنیا کو اپنے قابو میں کر رکھا ہے اس ضمن میں اسرائیلی وزیر دفاع بانگ دہل کہتے ہیں کہ ہمیں وائرس سے کوئی پریشانی نہیں ہے انکی تو ویڈیو بھی وائرل ہو چکی ہے جب 70 فیصد آبادی کرونا وائرس سے متاثر ہوجائے گی تو پھر یہ وباء از خود ختم ہوجائی گی یہ اس بات کا برملا اعتراف ہے کہ کچھ لوگ پہلے سے جانتے ہیں کہ اتنے فیصد آبادی متاثر ہوگی لیکن انہیں کسی قسم کی انہیں پریشانی بھی نہیں ہے یہ اس بات کی علامت بھی ہے کہ پردے کے پیچھے وہ بہت کچھ جانتے ہیں جب ہی تو بالکل مطمئن ہیں اسی لیے نہ لاک ڈاؤن کرتے ہیں نہ ہی انہیں کوئی پریشانی ہے بلکہ اعلانیہ کہتے ہیں کہ وائرس ان کے قابو میں ہے۔ نمبر 5: The Year Without winter اس کا مطلب ہوگا کہ اس سال دنیا کو موسم سرما گھروں میں قید رہ کر گزارنا پڑ سکتا ہے۔ یعنی دنیا موسم سرما کے مزے اس سال نہیں لے سکے گی۔ کمال کی بات یہ ہے کہ کرونا وائرس پر بنی فلم Contagion میں بھی ایک ڈائیلاگ بالکل ایسا ہی سننے کو ملتا ہے جب ایک لڑکی ویکسین کی عدم دستیابی پر اکتاتے ہوئی کہتی ہے کہ یعنی اس سال میرا موسم سرما برباد ہوجائے گا کیونکہ مجھے گھر میں قید رہ کر گزارنا ہوگا جس سے ظاہر ہوتا ہے اکانومسٹ میگزین، کانٹیجن فلم اور موجودہ صورتحال کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔ اگر حالات بالکل اس فلم جیسے ہی چلتے ہیں تو پھر آپ کو وقت سے پہلے ہوشیار رہ کر تیاری کرنی ہوگی۔ خدانخواستہ اگر کرونا وائرس کی ایک اور شدید لہر آ گئی تو ظاہر ہے دنیا کو پھر لاک ڈاؤن کی طرف جانا پڑے گا تو ہر ملک کے پاس کھانے پینے کی اشیاء کی قلت ہونا لازمی ہے پھر ڈاکے پڑنا شروع ہوجائیں گے، اس وقت بھوکے لوگ ہوٹل، ریسٹورنٹ، سٹور لوٹیں گے روٹی اور راشن چھیننے کے لئے ایک دوسرے پر بندوق چلائیں گے۔ اس فلم میں بالکل ایسے ہی مناظر دیکھنے کو ملتے ہیں (اگر آپ نے Contagion فلم نہیں دیکھی تو نیٹ پر موجود ہے دیکھ لیں) خوفناک بات یہ ہے کہ صیہونی منصوبہ دنیا کو ایک کٹھ پتلی ریاست بنانا ہے جو اس کے اشاروں پر ناچتی پھرے پوری دنیا کی معیشت، زراعت، میڈیا، حکومت الغرض ہر چیز کی باگ دوڑ ان کے ہاتھوں میں ہے افسوس کی بات یہ ہے کہ نوزائیدہ بچوں کے پینے کا دودھ بھی یہودی کمپنیاں بناتی ہیں ڈاکٹر بھی وہی تجویز کرتے ہیں اس لئے عام آدمی وہی خریدنے پر مجبور ہے عبرت کا مقام یہ ہے کہ پچھلے 700 سال سے مسلمانوں نے کسی شعبہ میں بھی ترقی نہیں کی بلکہ تنزلی کی گہرائیوں میں گرتے چلے جارہے ہیں یہودیوں نے دنیا کی سب سے عقلمند اور ذہین ہونے کا سکہ منوا کر دیا ہے ہمارے ارد گرد استعمال کی بیشتر چیزیں یہودیوں نے ایجاد کی ہیں جس سے پوری دنیا فائدہ اٹھا رہی ہے مسلمان جب تک علم وحکمت اور سائنس کے دلدادہ تھے ان کی کتابیں پوری دنیا کی یونیورسٹیوں کا نصاب بنی رہیں پھر جب سے مسلمانوں نے علم سے منہ موڑ لیا زوال نے آن گھیرا آج بھی ہیکل سلیمانی کی راہ میں مسلمان بڑی رکاوٹ ہیں مسلم حکمرانوں، علماء کرام اور سکالرز کو حالات کی سنگینی کا ادراک کرتے ہوئے از سر نو حکمت عملی سے ٹھوس منصوبہ بندی کرنا ہوگا ورنہ ہم سب چابی والے کھلونے بن کر کٹھ پتلیوں کی طرح ناچتے رہیں گے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

سیاسی شعبدہ باز عوامی جذبات اور پائپ رینچ

اپنے بے قابو اور بے قرار جذبات کی قدر کرتے ہوئے بلا تاخیر اپنی عملی زندگی کی اپنے ہی ہاتھوں بنیاد رکھنے کا آغاز کرتے ہوئے بڑی دھن کیساتھ

دلاور حسین چوہدری

بیٹھا ہوا اپنے کام میں مگن تھا کہ 18 انچ کا کم از کم 4 کلووزنی پائپ رینچ تڑاخ سے میری کمر پر لگا اور میں چکرا کر کمر کے بل ہی پچھلی طرف گرتے ہوئے نیم بے ہوش ہوگیا ذرا ہوش آیا تو استاد محترم اسرار احمد خان غصے میں سرخ آنکھوں سے مجھے گھورتے ہوئے کچھ نیم گالی نما القابات پیش کر رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ تیری جرات کیسے ہوئی کہ بلا اجازت تو نے کچے پروں کیساتھ اڑنے کی کوشش شروع کردی میں خاموشی سے ایک طرف نظریں جھکا کر بیٹھا کمر میں تکلیف سے اٹھنے والی ٹیسوں کو برداشت کرنے کی کوشش کر رہا تھا اور اس اچانک ملنے والی سزا کی وجوہات جاننے کیلئے نوجوان دماغ پر زور دے رہا تھا احترام استادیت میں نہ آہ نکل رہی تھی نہ آنسو چھلک رہے تھے لیکن تکلیف کی شدت اور جذبات کو ٹھیس پہنچنے پر آنکھوں میں نمی ضرور آچکی تھی غصہ ٹھنڈا ہونے پر استاد محترم اسرار احمد خان میری نمدار آنکھوں اور درد کی شدت سے بدلنے والی رنگت کا جائزہ لیتے ہوئے سوالیہ انداز میں کچھ نرم آواز سے گویا ہوئے کہ تمہیں اڑنے کی بہت جلدی ہے میں نے بھرائی ہوئی آواز میں بغیر کسی توقف کے جواب دیا کہ جی استاد جی مجھے بہت جلدی ہے میں آگے بڑھنے کیلئے اپنی خود اعتمادی کو مدنظر رکھتے ہوئے زیادہ وقت ضائع نہیں کرنا چاہتا، یہ غالباً 1978 کی بات ہے جب میں اے ون میرین ورکشاپ کراچی میں 3 سالہ اپرنٹس شپ کر رہا تھا بحری جہاز کا نام تھا (ایم وی رنگامتی) کرین کی 80 ہارس پاور کی ونچ موٹر کی میکینکس کا کام ہو رہا تھا اور میری 3 سالہ اپرنٹس شپ کو شروع ہوئے صرف 3 ماہ سب کام تقریباً مکمل ہو چکا تھا صرف فائنل کور لگنا باقی تھا کہ استاد محترم چائے پینے کا کہہ کر جہاز کی میس کی طرف روانہ ہو گئے ہمیں مروجہ طریقہ کار اور اصول کے مطابق 6 ماہ تک کسی اوزار کو ہاتھ ڈالنے کی بھی اجازت نہیں تھی لیکن میں اپنے جلد باز جذبات پر قابو نہ رکھ سکا اور موقع غنیمت جانتے ہوئے اپنے فن کو آزمانے کیلئے اٹھا اور فائنل کور لگانا شروع کردیا کہ استاد محترم بھی خوش ہو جائیں گے کہ میں نے ان کا باقی کام نپٹا دیا اور میری خود اعتمادی میں بھی عملی طور پر کچھ اضافہ ہو جائے گا ابھی کام جاری تھا کہ استاد محترم واپس تشریف لے آئے اور بیان کردہ واقعہ رونما ہو گیا بہرحال استاد اسرار احمد خان غصہ ٹھنڈا ہونے پر میرے قریب آئے شفقت سے میرے سر پر ہاتھ پھیرا جب پائپ رینچ سے ہٹ شدہ میری کمر پر ہاتھ پھیرا تو یونیفارم سے رستا ہوا خون ان کے ہاتھ پر لگ گیا جو میرے علم میں نہیں تھا استاد اسرار احمد خان ایک دم چونکے اور احساس سے بدلی ہوئی آواز میں گویا ہوئے کہ بیٹا مجھے معاف کردینا یار مجھ سے غصے میں تمہارے ساتھ زیادتی ہو گئی ہے پائپ رینچ سے چوٹ کچھ زیادہ لگ گئی ہے، میں نے بھرائی ہوئی آواز میں جواب دیا کہ استاد جی کوئی بات نہیں آپ استاد ہیں لازم مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہوگی جو میرے علم میں نہیں ہے استاد اسرار احمد خان کام چھوڑ کر ایک طرف بیٹھ گئے اور مجھے شفیق لہجے میں آواز دی بیٹا ادھر آؤ میرے پاس بیٹھو اپنی جیب سے سونف سپاری کی دو پڑیاں نکالیں ایک مجھے تھما دی اور ایک کھول کر اپنے منہ میں ڈال لی استاد اسرار احمد خان سونف سپاری کے سوا سگریٹ سمیت کوئی نشہ نہیں کرتے تھے سونف چباتے ہوئے نرم لہجے میں گویا ہوئے تمہیں بہت جلدی ہے کام سیکھنے کی میں نے اثبات میں سر ہلایا تو کہنے لگے اب میں سکھاؤں گا آپ کو کام اور بہت جلد انشاءاللہ تمہیں تمہاری سوچ اور جذبات کے مطابق منزل پر پہنچانے کی کوشش کروں گا آؤ میں تمہیں بتاؤں کہ تم کیا غلطی کر رہے تھے فائنل کور کھولو اور دوبارہ تم ہی لگاؤ گے انہوں نے جب اپنی ہدایت کے مطابق لگوایا تو ان کے بتائے بغیر ہی مجھے احساس ہو گیا کہ واقعی میں بہت بڑی بنیادی غلطی نہیں بلکہ غلطیاں کر رہا تھا اگر یہ پائپ رینچ میری کمر پر نہ پڑتا تو شاید یہ غلطیاں میں تمام زندگی کرتا رہتا اور کبھی کامیاب نہ ہوتا لیکن میں نے اس دن کے بعد تہیہ کرلیا کہ اپنی کامیابی کے بعد کسی کے بھی آگے بڑھنے کیلئے جذبات کو پائپ رینچ نہیں ماروں گا بلکہ شفقت سے آگے بڑھنے کیلئے مدد کروں گا جو شفقت میرے استاد کے دل میں پائپ رینچ مارنے کے بعد پیدا ہوئی بہرحال میرے استاد محترم اسرار احمد خان نے اپنی بات درست ثابت کرکے دکھائی اور اپنی خصوصی شفقت سے مجھے صرف ایک سال میں اس منزل پر پہنچا دیا جس کیلئے تین سال کا وقت مقرر ہوتا ہے بہرحال یہ کہانی جو حقیقت پر مبنی اور میری آپ بیتی ہے سنانے کا مقصد یہ ہے کہ ہمارے اس بدقسمت معاشرے میں سیاسی، سماجی، اخلاقی، معاشی اور معاشرتی طور پر جو بھی ہمت، محنت مثبت سوچ اور ذاتی کوشش کرتے ہوئے اپنے جذبات کے بل بوتے پر کچھ اچھا کرنے کیلئے آگے بڑھنے کی کوشش کرتا ہے اس کی کمر میں تڑاخ سے پائپ رینچ مار دیا جاتا ہے کچھ لوگ اس چوٹ کو نہ برداشت کرتے ہوئے اپنے مشن سے دلبرداشتہ ہو کر پیچھے ہٹ جاتے ہیں اور کچھ ساری زندگی پائپ رینچ کی چوٹیں کھاتے ہوئے ان چوٹوں کے عادی ہو کر غلامانہ ذہنیت اختیار کر لیتے ہیں لیکن استاد اسرار احمد خان شاید ہی کسی نصیب والے کو ملتا ہو، سیاسی طور پر اسی مائنڈ سیٹ نے اس قوم کو ایک قوم کی بجائے آج جیالے، یوتھیے، زہریرے زرانفے، پٹواری، اور پتہ نہیں کیا کیا بنا دیا ہے یعنی

(جاری ہے)

ٹیکنالوجی کا عفریت

دنیا میں بیشتر لوگوں نے بچپن کے دوران اپنی نانی اماں یا دادی جان سے پریوں، جنوں بھوتوں کی کہانیاں سنی ہوں گی ذرا سوچیں جو آپ نے سنا

ایم سرور صدیقی

اور ایک تخیل بنا کر ذہن میں بٹھالیا اب اگر وہی تخیل حقیقت کا روپ دھار کر آپ کے سامنے آن کھڑا ہو تو پھر کیسا لگے گا بعینہٖ جو باتیں پہلے تخیل تھا محض خواب و خیال تھیں آج وہ بھیانک تعبیر بن کر ہمارے سامنے آنے والی ہیں یعنی اس کا آسان اور سادہ مطلب ہے دنیا کا سکون تہہ و بالا ہونے والا ہے بہت سے ماہرین پریشان ہیں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائے گی تو پھر کیا ہوگا اس پران کے شدید تحفظات ہیں کہ کرونا وائرس کی ویکسین کی آڑ میں نہ جانے کتنے گل کھلانے کی پیش بندی جاری ہے پہلے محض خیال تھا اب یقین ہوتا جارہا ہے کہ اس پوری گیم کے پیچھے صیہونی دماغ کام کر رہا ہے جو ہر قیمت پر دنیا کو ہیکل سلیمانی کے زیر نگیں کرنا چاہتا ہے اس سلسلہ کا پہلا پروجیکٹ 5G کہا جارہا ہے کیونکہ 5G انسٹالیشن ہے جو لاک ڈاؤن کے دوران دنیا کے بیشتر ممالک میں چپکے سے کی جاتی رہی ہے۔ عالمی میڈیا کو اس کی رپورٹنگ سے روکا گیا ہے۔ میڈیا پر آپ کو 5G کے متعلق کوئی خبر نہیں ملے گی۔ جب لندن میں مکمل لاک ڈاؤن تھا لیکن وہاں 5 جی انسٹالیشن کا عملہ پھر بھی دن رات پولز پر ٹاورز نصب کرنے میں مصروف رہا جس کا مطلب ہے دال میں کچھ کالا ہے یا پھر ساری دال ہی کالی ہے۔ کہا یہ جارہا ہے کہ 5G دنیا میں انقلاب بپا کردے گا سوچنے سمجھنے کی بات یہ ہے کہ آخر یہ 5G کیا بلا ہے؟ اسے سمجھے اور جانے بغیر بات کی تہہ تک نہیں پہنچا جاسکتا 5G دراصل انٹرنیٹ اسپیڈ کی تیز ترین رفتار ہے جو اگر کسی علاقے میں لگادی (انسٹال) کر دی جائے تو اس پورے ایریا کو ایک" سپر کمپیوٹر" کے ذریعے ہر وقت کہیں بیٹھ کر ویڈیو پر دیکھا جاسکے گا علاقے کا کوئی فرد ایسا نہیں بچے گا جس کی جاسوسی ممکن نہ ہو۔ موبائل سے لیکر ٹی وی، ایل سی ڈی یا ایل ای ڈی، فرج، آٹو پارٹس اور گھر کی تمام اشیاء میں نصب چھوٹے چھوٹے خفیہ کیمروں کے ذریعے چوبیس گھنٹے ہر فرد کی جاسوسی ممکن ہو جائے گی۔ ملٹری سطح پر یہ کام پہلے ہی دنیا کی بڑی افواج کرتی رہی ہیں یعنی انسانوں، اداروں، کاروبار، معیشت حتیٰ کہ حکومتوں کی رازداری ختم ہوجائے گی عالمی طاقتیں جب چاہیں گی ہر قسم کی پوشیدہ معلومات سے آگاہ ہوجائیں گی اور ان کو مطلق پتہ بھی نہیں چلے گا یا پھر اندر کھاتے ان کو مخالفین کو فروخت بھی کیا جاسکتا ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کوئی ملک ایک میگا پراڈکٹ لانچ کرنے والا ہو 5G کی ٹیکنالوجی کی بدولت اس سے بہتر پراڈکٹ مارکیٹ میں متعارف کروادی جائے، یا پھر کچھ شاطر ذہن VVIP کی بلیو فلمیں بنا کر ان کو بلیک میل کرکے اپنے مفادات حاصل کر سکتے ہیں دنیا میں شخصیات یا ملکوں کے درمیان خفیہ معاہدے اب خفیہ نہیں رہیں گے لیکن عوامی سطح پر اسے لانے کا بہت زیادہ سائنسی نقصان بھی ہونے کا احتمال ہے کیونکہ اس ٹیکنالوجی کی شعاعیں انسانی دماغ کے لئے انتہائی خطرناک ہیں، ماہرین کے مطابق 5G سگنلز میں رہنے والا انسان ایسا ہو گا جیسے اسکا دماغ مائیکرو ویو اوون میں پڑا ہوا ہو۔ یہ انسان کو مختلف ذہنی بیماریوں کا شکار کردے گی لیکن صیہونی خفیہ ہاتھ کو اس کی پرواہ نہیں کہ انسانوں کے دماغ پر کیا بیتتی ہے انہیں صرف پوری دنیا کو ڈیجیٹلائز کرنا ہے اور اس مقصد کے لئے لاکھوں انسانوں کو مارنا پڑا تو وہ اس سے بھی دریغ نہیں کریں گے کیونکہ ان کا ایک ایجنڈہ یہ بھی تو ہے کہ دنیا کی آبادی کم سے کم کرنا ہے پاکستان میں کئی سیلولر کمپنیوں نے اشتہارات کے ذریعے 5 جی کی پروموشن شروع کردی ہے جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس منصوبے پر کتنی تیزی سے کام ہو رہا ہے۔ آپ نے بھی شاید کہیں پڑھا ہو کہ ایک وقت آئے گا جب انسانوں کے دماغ کنٹرول کرنے کے لئے کوئی چپ ایجاد ہو جائے گی اب جو حالات جارہے ہیں لگتا ہے معاملات اسی طرف جارہے ہیں اس لئے غالب خیال یہ ہے کہ کرونا وائرس کی ویکسین ہی اس منصوبے کے لئے کارگر ہے جیسے پولیو ویکسین اور آئیوڈائیز نمک پر بہت سے لوگوں کے تحفظات ہیں کہ یہ بانجھ پن پیدا کرتا ہے یہ بھی آبادی کو کنٹرول کرنے کی سازش ہے اور یہ سازش بالخصوص مسلمانوں کے لئے کی جارہی ہے کہ ان کی تعداد کم ہوجائے تاکہ جہاد کے لئے کم سے کم لوگ میسر آسکیں بذریعہ ویکسین دوسرا پروجیکٹ Nano Chip کہا جاسکتا ہے کیونکہ حال ہی میں بل گیٹس نے کرونا وائرس کی ویکسین کے پراجیکٹ میں 1 بلین ڈالرز کی سرمایہ کاری کرنے کا اعلان کیا ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن اس ویکسین کو ہر شخص کے لئے لازمی قرار دے دے گی جس سے پوری دنیا کو ڈیجیٹلائز کر دیا جائے گا اب سوال ذہن میں اٹھنا یقینی بات ہے کہ وہ کیسے؟ 5G اور Nano chip کیسے کام کرے گی اس کا جواب انتہائی سادہ ہے 5G کے ٹاورز بظاہر تو آپ کو انٹرنیٹ کی تیز سپیڈ دینے کے لئے ہوں گے لیکن ان کا اصل خفیہ مقصد انسانوں میں لگی نینو چپ (بہت زیادہ چھوٹی چپ) میں جمع ہونے والا ڈیٹا (یعنی آپ کی دماغی سوچ) کسی خفیہ جگہ جمع کرنا ہوگا۔ وہ" خفیہ ہاتھ" پوری دنیا کے منتخب انسانوں کے دماغوں میں پیدا ہونے والی سوچ کو کسی نامعلوم جگہ پر اپنے" سپر کمپیوٹر" کے ذریعے دیکھے گا بلکہ کنٹرول بھی کرسکے گا یہ ساری نشانیاں دجال کی آمد کی طرف اشارہ ہیں جو یہودیوں کا مسیحا ہوگا۔ اب یہ بات وثوق سے بھی جاسکتی ہے کہ اقوام متحدہ کی سپر گورنمنٹ کا پلان آخری مراحل میں ہے۔ بالکل ایسی ہی ایک حدیث مبارکہ بھی ملتی ہے کہ دجال ایک جگہ سے گزرے گا جہاں کسی شخص کے والدین فوت ہو گئے ہوں گے، وہ شخص سوچ رہا ہوگا کہ کاش میرے والدین دوبارہ زندہ ہو جائیں دجال اس کی یہ سوچ اور خواہش پہچان لے گا اور اس کے بولنے سے پہلے ہی اس کے پاس جاکر اسے کہے گا کہ اگر میں تمہارے والدین کو زندہ کردوں تو کیا تم مجھے خدا مان لوگے۔

(جاری ہے)

نیا سال، نیا عہد

میں کمی، موسم کی مشکلات، حادثاتی عوامل وغیرہ اس سفر میں بھی مشکلات طے کر کے کڑی منزل تک پہنچنا ممکن ہوتا ہے تو کیا بھلا زندگی کے سفر میں انسان

سارہ عمر

پھول کے بستر پہ چلتا ہوا منزل تک پہنچ سکتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

اللہ تعالیٰ بھی قرآن مجید میں فرماتا ہے کہ کیا تم سمجھتے ہو تم ایمان لاؤ گے اور آزمائے نہ جاؤ گے؟ ہر منزل تک رسائی کے لئے قیمت ادا کرنی پڑتی ہے۔ آزمائش شرط ہے اور آزمائشوں سے گھبرا کر بھاگنے والا کبھی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔

ہر سال کی طرح اس سال بھی اگر آپ کوئی عہد کر بیٹھے ہیں تو رکیے پہلے اپنا محاسبہ کیجیے۔

کیا آپ پچھلے سال کا ہدف مکمل کر چکے ہیں؟

اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا تھیں؟

کیا آپ کا ہدف حقیقی تھا یا غیر حقیقی؟

کیا آپ پچھلا ہدف مکمل کیے بغیر ہی آگے بڑھ رہے ہیں؟

کیا پچھلے سال کا ہدف اب بھی ضروری ہے یا غیر ضروری حیثیت اختیار کر گیا ہے؟

محاسبہ کے بغیر اگلا ہدف مقرر کرنا سوائے غیر دانشمندانہ اقدام کے اور کچھ نہیں۔ آیئے ان سوالات کے تناظر میں اپنا محاسبہ کیسے کیا جائے سیکھیے اور عمل کیجیے۔

فرض کر لیجیے کہ آپ کا پچھلے سال کا ہدف وزن کم کرنا تھا تو سوال کیجیے کہ کیا وزن کم ہوا؟ اگر تو جواب مثبت ہے تو اگلا ہدف مقرر کرنے سے پہلے اس ہدف میں آنے والی رکاوٹوں اور پریشانیوں کا جائزہ لیجیے اور انہیں دور کرنے کی کوشش کیجیے۔ اگر اس پہلے سوال کا جواب نہیں ہے تو خود سے پوچھیے کہ کونسی وجوہات آپ کے مطلوبہ ہدف کی راہ میں رکاوٹ بنیں؟ مثلاً زیادہ کھانا، ورزش نہ کرنا، چہل قدمی نہ کرنا، ایسے لوگوں کا ساتھ جو کم کھانے پہ طنز کرتے یا پھر کسی اچھے سپورٹر کا ساتھ نہ ہونا۔

ان عوامل کی لسٹ بنا کر ان پہ کام کیا جائے تو ہدف یقیناً حاصل کیا جاسکتا ہے۔ کچھ لوگ ہدف ہی غیر حقیقی بناتے ہیں جیسے کہ میں ایک ماہ میں تیس کلو کم کروں گا، حالانکہ یہ ایک غیر حقیقی عمل ہے جس کے باعث لوگ جلد بیزار ہو کر اس پہ عمل کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔

کچھ لوگ پچھلا ہدف چھوڑ کر آگے بڑھ جاتے ہیں کہ چلو یہ کام تو ہوا نہیں اگلا کرتے ہیں حالانکہ جب یہ کام نہیں ہوا تو اگلا بھی نہیں ہوگا۔ اصولاً ایک ہدف کو مکمل کر کے ہی اگلے ہدف کی جانب بڑھنا چاہیے۔ یہی وجہ ہے کہ ضروری ہدف بھی اگلے سال تک غیر ضروری کی فہرست میں جا کھڑا ہوتا ہے۔ امید ہے اس مثال سے آپ کو اپنا محاسبہ کرنا سمجھ آ چکا ہوگا۔

اب بات کرتے ہیں ان لوگوں کی جو واقعی کچھ کرنا چاہتے ہیں مگر انہیں سمجھ نہیں آتا کہ وہ کیا کریں۔ ایک استاد سے سوال کیا گیا کہ کچھ کرنا چاہتے ہیں سمجھ نہیں آتا کیا کریں اور کیسے کریں۔ استاد نے فرمایا کوئی خیال جو دل میں ہو زبان پہ لائیں"

"کہنے لگے کاروبار"

استاد نے کہا" کیسا کاروبار کس چیز کا کاروبار"

جواب ملا" کچھ آن لائن کاروبار مختلف اشیا کا"

استاد نے نہایت عظیم جملہ کہا کہ

"جب کسی کام کی نیت کر لیں تو پھر کر دیں سوچیں مت، کیونکہ سوچنے اور پوچھنے سے ارادے پست ہو جاتے ہیں"

اپنی جانب نظر اٹھا کر دیکھیے، آس پاس دیکھیے، جو شخص سالوں سے کہہ رہا ہے

" کچھ کروں گا، کچھ کر کے دکھاؤں گا، کچھ بنوں گا، اپنا بھی نام آئے گا، لوگ دیکھیں گے میں دکھاؤں گا" تو وہ ابھی تک یہی کہہ رہا ہے اور آگے بھی کہتا رہے گا۔ وقت آیا اور نکل بھی گیا لیکن اس کا نام کبھی نہیں آیا نہ ہی آئے گا۔

البتہ وہ شخص جس نے مشورہ نہیں لیا، دلیلیں نہیں دیں، بحث و مباحثے نہیں کیے، بے کار کی باتوں میں وقت ضائع نہیں کیا، غیر ضروری لوگوں کے ساتھ وقت برباد نہیں کیا آج وہ پچھلے سالوں سے بہتر حال میں ہوگا۔ اس کا ہر گزرتا کل پچھلے سے بہتر ہوگا۔ وہ آپ کو بتائے گا نہیں کہ وہ کیا ہے بلکہ آپ اسے بتائیں گے کہ وہ کہاں" پہنچ چکا ہے۔ وہ آپ کو دکھائے گا نہیں آپ خود اسے دیکھیں گے۔ اس نے اپنے وقت کا بہترین استعمال کر کے مٹی کو سونا کر دیا اور سوچنے والے بس سوچتے ہی رہ گئے۔

نئے سال کے آغاز پر اتنا ضرور کہوں گی ہر گزرتے لمحے پہ اپنا محاسبہ ضرور کیجیے آیا کہ آپ نے اپنے وقت کا بہترین استعمال کیا یا اسے بری طرح ضائع کیا؟ ہر انسان کو اللہ نے چوبیس گھنٹوں کا ہی وقت عنایت کیا ہے پھر ایسا کیا ہے کہ ایک شخص چوبیس گھنٹے بستر میں رہتا ہے اور ایک شخص انہی گھنٹوں میں دنیا میں اپنی فتح کے جھنڈے گاڑ دیتا ہے۔ کامیاب ترین افراد اپنے وقت کا بہترین استعمال کرتے ہیں اور ایک ایک لمحہ با مقصد کام کرنے اور عمل کرنے میں وقف کرتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کی ملاقات کے اوقات مخصوص ہوتے ہیں۔ ان کا وقت باہر کے کاموں اور گھریلو معاملات کے لئے متوازن طور پہ تقسیم ہوتا ہے۔

دنیا کے کامیاب ترین افراد ہر کام مقررہ وقت پر کرنے کے عادی ہوتے ہیں۔ ان کا کھانا پینا، سونا جاگنا، گھریلو کام، ملاقات، میٹنگز سب ایک طے شدہ معمول کے مطابق ہی چلتی ہیں۔

اگر آپ کچھ کرنا چاہتے ہیں تو آگے بڑھیے اور کیجیے۔ آپ کو اگر کسی نے روکا ہے تو وہ آرام طلبی کا دائرہ ہے جو آپ کو اکساتا ہے کہ جتنا مزہ بیٹھ کر فلم دیکھنے میں ہے وہ دوستوں کے ساتھ کھیل میں کہاں۔ جتنا مزہ لحاف میں سونے کا ہے وہ صبح صبح قدرت کے نظاروں میں کہاں۔ جتنا مزہ دوسروں کے کام میں نقص نکالنے میں ہے وہ بھلا خود کچھ کرنے میں کہاں۔

جس دن اس سستی اور کاہلی کے دائرے سے باہر نکل کر آپ نے ذہنی اور جسمانی سختی برداشت کی اس دن آپ ضرور اپنے ہدف کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے تو پھر تیار ہیں؟

بستر چھوڑیے اور دنیا کو تسخیر کیجیے۔ اس سال اپنے عہد کو پایا تکمیل تک پہنچانے کا وقت آگیا ہے۔

18 ویں آئینی ترمیم کی مخالفت آخر کیوں؟

آمر مشرف کے دور کی سترہویں آئینی ترمیم ختم کر دی گئی صوبہ سرحد کا نام خیبر پختونخواہ رکھنے کی منظوری دی گئی۔

محمد ریاض

آرٹیکل 6: کے تحت آئین کو معطل کرنے کو بھی غداری کے زمرے میں شامل کیا گیا

آرٹیکل 10: میں اضافی شق 10 اے شامل کیا گیا ہے جس کے تحت غیر جانبدارانہ ٹرائیل کو بنیادی حق کا درجہ دیا گیا ہے۔

آرٹیکل 19: معلومات تک آزادی رسائی بھی بنیادی حق قرار دیا گیا ہے۔

آرٹیکل 25: ریاست تمام پانچ سے چودہ برس تک عمر کے بچوں کو مفت تعلیم فراہم کرے۔ سرکاری ملازمتوں میں ایسے علاقوں کو جن کی مناسب نمائندگی نہیں ہے برابر لایا جائے۔

آرٹیکل 37: سستے اور جلد انصاف کی فراہمی کو یقینی بنائے۔

آرٹیکل 48: صدر کو وزیر اعظم کی مشاورت سے اسمبلی تحلیل ہونے یا اپنی مدت پوری کرنے پر عام انتخابات منعقد کروانے اور وہ بھی نگران کابینہ تعینات کرنے کا اختیار دیا گیا۔

آرٹیکل 58 (2) بی: صدر کے پاس سے اسمبلی تحلیل کرنے کا اختیار واپس لیا گیا۔

آرٹیکل 59: ایوان بالا یا سینٹ کی نشستیں سو سے بڑھا کر ایک سو چار کر دی اور ہر صوبے سے ایک اقلیتی رکن منتخب کیا جائے گا۔

آرٹیکل 61: سینٹ کے اجلاسوں کے دن نوے روز سے بڑھا کر ایک سو دس دن کر دیئے گئے۔

آرٹیکل 90: وفاق اور صوبوں کے درمیان تمام کنکرنٹ لسٹ ختم کر دیا گیا۔

آرٹیکل 92: وفاقی کابینہ کی تعداد پارلیمان میں اراکین کی تعداد کا گیارہ فیصد۔ اس فارمولے کے تحت کابینہ کو کم کر کے کابینہ کو بیالیس وزراء تک کیا گیا۔ صوبوں میں بھی کابینہ پندرہ اراکین یا گیارہ فیصد جو بھی زیادہ ہو۔ وزراء اعلیٰ وزیر اعظم کی طرح پانچ سے زیادہ مشیر تعینات نہیں کر سکیں گے۔

آرٹیکل 101: صوبائی گورنر اسی صوبے کا ہی رہائشی تعینات کیا جاسکے گا۔

آرٹیکل 104: صوبائی اسمبلی کا سپیکر گورنر کی غیر موجودگی میں قائم مقام گورنر مقرر ہوگا۔

آرٹیکل 127: صوبائی اسمبلی کی کم سے کم کارروائی کے دن ستر سے بڑھا کر سو دن کر دیئے گئے۔

آرٹیکل 140-A: مقامی حکومتوں کو رکھا جائے گا۔

آرٹیکل 147: صوبائی حکومت وفاق یا کسی ایجنسی کو اپنا اختیار دیتی ہے تو اس کی اسے صوبائی اسمبلی سے توثیق کروانا لازمی ہوگی۔

آرٹیکل 153 / 54: وزیر اعظم مشترکہ مفادات کونسل کے چیئرمین، چاروں صوبوں کے وزراء اعلی اراکین جبکہ وفاقی حکومت کے تین اراکین شامل ہوں گے۔ کونسل کا کم از کم ہر نوے روز میں ایک اجلاس ضرور منعقد کیا جائے گا۔ کونسل کا مستقل سیکریٹریٹ ہوگا۔

آرٹیکل 157: وفاقی حکومت اس صوبے سے مشاورت کی پابند ہوگی جہاں آبی ذخیرہ تعمیر کیا جارہا ہوگا۔

آرٹیکل 160: صوبوں کا حصہ آخری این ایف سی ایوارڈ سے کم نہیں کیا جاسکے گا۔

آرٹیکل 167: صوبوں کو قومی مالیاتی کمیشن کی مقرر کردہ حد کے اندر مقامی یا بین الاقوامی سطح پر قرضے حاصل کرنے کی اجازت ہوگی۔

آرٹیکل 168: آڈیٹر جنرل کی مدت ملازمت چار سال تک محدود کر دی جائے گی۔ آرٹیکل 170: وفاق یا صوبوں کے زیر انتظام خود مختار اداروں کو آڈیٹر جنرل کے تحت لایا گیا۔

آرٹیکل 172: تیل و گیس جیسے قدرتی وسائل کا اختیار صوبے اور وفاق کے درمیان مشترکہ ہوگا۔

آرٹیکل 175-اے: ججوں کی تقرری کا سات رکنی کمیشن۔ کوئی ہائی کورٹ کا جج اپنی مرضی کے بغیر ٹرانسفر نہیں کیا جاسکتا۔

آرٹیکل 213: انتخابی کمیشنر کی تقرری کا طریقہ کار چارٹر آف ڈیموکریسی کے تحت کر دیا گیا ہے۔ ایوان اور حزب اختلاف کے قائدین کی باہمی رضامندی سے اس عہدے کے لیے تین امیدواروں کے نام بارہ رکنی پارلیمانی کمیٹی کو بھیجے جائیں گے۔ دونوں قائدین الگ الگ تجاویز بھی بھیج سکتے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے ممبران کی تقرری کے لیے بھی یہی طریقہ کار ہوگا۔

آرٹیکل 224: اسمبلی کی تحلیل یا مدت مکمل ہونے پر صدر عبوری حکومت وزیر اعظم کی مشاورت سے تعینات کریں گے۔ چاروں نگران وزرائے اعلی کا تقرر بھی جانے والے لیڈر آف دی اپوزیشن کی مشاورت سے کیا جائیگا۔

آرٹیکل 232: ہنگامی حالت کے نفاذ کے لیے صوبائی اسمبلی کی قرارداد صدر کو بھیجی جائے گی۔ اگر صدر خود ہنگامی حالت نافذ کرتا ہے تو پارلیمان کے دونوں ایوانوں کے سامنے توثیق کے لیے پیش کرنے کا پابند ہوگا۔

آرٹیکل 242: پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین کا تقرر اب صدر وزیر اعظم کی مشاورت سے کریں گے۔ آرٹیکل 243: بڑی تقرری بھی اب وزیر اعظم کی مشاورت اور پارلیمان کی منظوری سے کی جائے گی۔

آرٹیکل 268: چھٹے شیڈول میں شامل قوانین جس کے لیے صدر کی پیشگی رضامندی ترامیم کے لیے ضروری تھی اس کو ختم کیا جائے گا۔

وزیر اعظم اور وزراء اعلی کے تیسری مرتبہ منتخب ہونے کی پابندی ختم کر دی گئی۔

آمروں کی طرف سے آئین میں کی جانے والی بار بار تبدیلیوں نے 1973 کے آئین پاکستان کا حلیہ بگاڑ دیا تھا۔ پارلیمانی نظام حکومت کو نیم صدارتی نظام حکومت میں بدل کر رکھ دیا۔

18 ویں آئینی ترمیم کے بعد یہ کہا جاسکتا ہے کہ آئین پاکستان اپنی اصل حالت میں واپس آگیا۔ صوبوں کو زیادہ سے زیادہ خود مختاری ملی، صوبے اپنے علاقائی وسائل کے خود مالک بننے شروع ہوئے۔ صوبوں کو بہت سے معاملات جیسا کہ صحت، تعلیم، توانائی جیسے کیلئے وفاق طرف دیکھنا نہیں پڑتا۔ وفاقی سطح کی بہت سی وزارتیں اور محکمہ جات صوبوں کو ٹرانسفر ہو گئے۔ جس سے وفاق کی ذمہ داریوں میں کمی واقع ہوئی جیسا کہ تعلیم، صحت کے محکمہ جات۔

درحقیقت 18 ویں ترمیم کے بعد آج پاکستان کے تمام صوبوں کے پاس جتنی صوبائی خود مختاری ہے اگر 1971 میں بھی ایسی صوبائی خود مختاری ہوتی تو پاکستان کبھی بھی دولخت نہ ہوپاتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبوں کو مزید صوبائی خود مختاری دی جائے تاکہ پاکستان کا ہر صوبہ اپنے اپنے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام کی خوشحالی کے نئے نئے منصوبے بنائے اور عوام کا معیار زندگی بلند ہوسکے۔ اگر ہر صوبہ اپنے اپنے وسائل پیدا کرے اور جب انکو صحیح معنی میں بروئے کار لائے گا تو یقیناً وفاق کے اوپر صوبوں کا بوجھ نہیں پڑے گا۔ پاکستان کے تمام صوبے کسی نہ کسی طور پر اپنی مثال آپ ہیں۔ کہیں معدنیات، تیل و گیس کے ذخائر ہیں تو کہیں سونا اگلتی سرسبز زمینیں اور باغات۔ کہیں آبی وسائل سے توانائی پیدا کرنے کے مواقع تو کہیں افرادی قوت کی فراوانی۔ کہیں بندرگاہیں تو کہیں بہتے دریا۔

پاکستان تحریک انصاف کی وفاق اور تین صوبوں میں حکومتیں ہیں بجائے 18 ویں ترمیم پر تنقید کرنے کے، پاکستان تحریک انصاف کی حکومتوں کو عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کے لئے بہترین حکمت عملی وضع کرنی چاہیے اور ساتھ ہی ساتھ بنائی گئی پالیسوں پر عملدرآمد یقینی بنا کر دوسری سیاسی پارٹیوں کے لئے مثال قائم کرنی چاہیے۔ اگر چند مالی معاملات پر پاکستان تحریک انصاف کو تحفظات ہیں تو دیگر سیاسی پارٹیوں سے مل ان مالی معاملات کو ٹھیک کیا جاسکتا ہے۔ اگر اعتراض اس بات پر ہے کہ وفاق کے پاس وسائل کی کمی واقع ہوگئی ہے تو دوسری طرف وفاق کی طرف سے بہت ساری وزارتیں اور محکمہ جات کا صوبوں کی طرف منتقل ہوجانے سے صوبوں کی ذمہ داریوں میں اضافہ بھی ہوا ہے اور وفاق پر ان وزارتوں کا بوجھ اتر کر کم ہو چکا ہے کیونکہ پہلے جس وزارت ومحکمہ کا بوجھ وفاق کے کندھوں پر تھا اب وہ بوجھ صوبوں پر ہے۔ پچھلے ادوار میں صوبہ پنجاب کی صوبائی حکومت نے صوبائی سطح پر توانائی کے بہت سے شعبوں میں کام کیا جیسا کہ بھکھی پاور پلانٹ، قائداعظم سولر انرجی پلانٹ وغیرہ جنکی بدولت ملک میں ہونے والی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ممکن ہوسکا۔ صحت کے معاملہ میں صوبہ پنجاب میں PKLI اور بہت سے دوسرے اسٹیٹ آف دی آرٹ اسپتالوں کا قیام۔ تعلیم کے شعبہ میں سرکاری سطح پر یونیورسٹیز، اسکولز، کالجز اور آئی ٹی یونیورسٹی کا قیام۔ اسی طرح کے بہت سے ایسے منصوبے ہیں کہ جو صوبائی حکومتوں نے شروع کئے اور اب انکے ثمرات عوام الناس کو ملنے شروع ہو چکے ہیں۔

درحقیقت 18 ویں آئینی ترمیم نے صوبوں میں کارکردگی دکھانے کے لئے مقابلہ کی فضاء قائم کی ہے۔ اب یہ صوبائی حکومتوں پر منحصر ہے کہ وہ بہت سے معاملات میں ملنے والی صوبائی خود مختاری کا فائدہ عوام الناس تک کیسے پہنچاتے ہیں۔ دنیا کے ترقی یافتہ جمہوری ملکوں کی ترقی میں ان ممالک میں دی جانے والی صوبائی خود مختاری کا بہت عمل دخل ہے۔ عوام کے مسائل انکے اپنے علاقائی حدود میں حل ہوجاتے ہیں۔ انکو وفاق کی طرف نہیں دیکھنا پڑتا۔ پاکستان میں صوبوں کو 18 ویں آئینی ترمیم کے بعد بہت سے معاملات میں ملنے والی صوبائی خود مختاری کے فوائد کو سمیٹنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ کیونکہ اگر صوبے مضبوط ہونگے تو وفاق بھی مضبوط ہوگا۔ وفاق مضبوط ہوگا تو یقیناً ریاست پاکستان مضبوط ہوگی۔ اللہ کریم مملکت خداداد ریاست پاکستان کو ہمیشہ قائم دائم رکھے اور دنیا کی جدید ترین اور ترقی یافتہ ریاستوں میں سے ایک ریاست بنادے۔ آمین ثم آمین

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سریاب روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شال بقیہ 1

سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر علی زیدی، معاون خصوصی وزیر اعظم زلفی بخاری، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر عبد الخالق ہزارہ، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بشریٰ رند، رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر و دیگر بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ ہم سب سانحہ مچھ پر بہت افسردہ ہیں میں یکم جنوری کو دبئی میں تھا جبکہ 3 جنوری کو واقعہ ہوا جس کے بعد دورہ مختصر کرکے کوئٹہ پہنچا ہوں، صوبائی حکومت کی جانب سے سیکورٹی کی صورتحال کی بہتری کے لئے کوششیں جاری ہے پاکستان اور بلوچستان کے دشمن امن نہیں چاہتے لیکن ان تمام مشکلات کے باوجود حکومت امن و ترقی کے لئے کوشاں ہے صوبائی حکومت دہشتگردی کو کم کرنے کیلئے ہر اقدام اٹھانے کی، ہماری ذمہ داری ہے اور اس ذمہ داری کو ہر حال میں پورا کرنے کی کوشش کریں گے، اگر حکومت بلوچستان کے مستعفی ہونے سے داعش کا مسئلہ حل ہوتا تو حکومت بلوچستان نہیں بلکہ حکومت پاکستان بھی استعفیٰ دے دیتی، ہم ایک چیز کو سمجھ نہیں پا رہے ایک نارمل روٹین جب کوتاہیاں غفلت پر غفلت کرتی جائیں تو وہ اس کی ذمہ دار ہوتی ہیں یہ مسئلہ ڈیزائنڈ اور فنانسڈ ہیں اگر اسی طرح رہا تو ہر دوسرے دن حکومت استعفیٰ دیتی جائے گی حالات کو بہتر بنانے کیلئے وقت لگے گا اس سے قبل کوئٹہ، تربت، کراچی سمیت ہر شہر میں کوئی نہ کوئی ایسا واقعہ رونما ہوتا ہے، تمام اسٹیک ہولڈرز کو اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرکے اس چیز کا مقابلہ کرنا چاہیے ایک دوسرے کو کمزور کرکے اس ناسور کا مقابلہ نہیں کیا جاسکتا، ہماری یکجہتی بہت سارے لوگوں کو پسند نہیں شاید وہ یکجہتی اور اتحاد ہی ہے جو ہمیں ان سانحات سے بچا سکتے ہیں اور اپنی خامیوں کو دور اور کمزوریوں کو ختم کرنا ہے، ہم صوبے میں اسٹیک ہولڈر ہے اگر عمران خان آتے ہیں تو وہ کہیں گے کہ لا اینڈ آرڈر کی ذمہ داری تو صوبائی حکومت کی ہے وہ اس ملک کے سربراہ ہے وہ آئیں گے لواحقین سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کریں گے ہم بحیثیت مسلمان اپنی ذمہ داری اور فرائض کریں گے، ماضی میں بھی جب واقعات ہوئے تو پہلے امام بارگاہ آئے تھے امام بارگاہ کے بعد دھرنے کے شرکاء سے مذاکرات کرتے جائیں گے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم، صدر وزراء سب آئیں گے لیکن ذمہ داری میری ہے عوام نے مجھے منتخب کرکے وزیر اعلیٰ بنایا ہے تو تمام تر ذمہ داریاں مجھ پر عائد ہیں، انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم آئیں گے لیکن میتوں کی تدفین کو ان کی آمد کے ساتھ مشروط نہ کیا جائے، قبائلی رسوم و رواج کے مطابق خاتون رکن اسمبلی کے ساتھ میٹ ہ کرآئے ہیں۔

شال بقیہ 2

ہے ہم نہیں چاہتے کہ مشکل دور واپس آئے، یہ بات انہوں نے بدھ کو مغربی بائی پاس کوئٹہ میں ہزارہ برادری اور سانحہ مچھ میں شہید ہونے والے 10 مزدوروں کے لواحقین سے خطاب اور امام بارگاہ ولی عصر ہزارہ ٹاؤن میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر وفاقی وزیر علی زیدی، وزیر اعظم کے معاون خصوصی زلفی بخاری، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری، ارکان اسمبلی عبدالخالق ہزارہ، مبین خلجی، بشریٰ رند، قادر علی نائل، جیئند کمار بھی انکے ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے شہداء کے لواحقین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مچھ واقعہ نا خوشگوار ہے جسکی مذمت کرتا ہوں لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ بطور وزیر اعلیٰ بلوچستان اس بات کی ذمہ داری لیتا ہوں کہ وزیر اعظم عمران خان کوئٹہ ضرور آئیں گے اور لواحقین کی دلجوئی کرنے کے ساتھ ساتھ انکے مسائل سنیں گے، بیرون ملک ہونے اور کورونا وائرس کی وجہ سے واپسی کے لوازمات پورے کرنے کی وجہ سے کوئٹہ پہنچنے میں تاخیر ہوئی جس پر معذرت کرتا ہوں انہوں نے کہا کہ شہداء کے لواحقین سے التجا ہے کہ وہ میتوں کی تدفین کریں تاکہ ایک شرعی تقاضہ پورا کیا جاسکے، انہوں نے کہا تدفین کے بعد جب وزیر اعظم آئیں اور انکے اور ہمارے سامنے مسائل رکھیں وفاق اور صوبائی حکومتیں اپنے اپنے دائرے میں آنے والے تمام مسائل کو حل کریں گی انہوں نے کہا کہ صوبائی وزراء کا وفد مذاکرات کے لئے آیا تاہم ماحول اور غم کی وجہ سے وہ کامیاب نہ ہوسکے اب میں خود یہاں آیا ہوں عوام کے مسائل حل کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری اور ترجیح ہے ہم سب نے ملکر امن و امان لانا ہے ماضی میں تفتان روٹ پر زائرین کی سیکورٹی موثر نہیں تھی جسے اب بہتر کیا ہے کورونا وائرس کے آغاز پر 2 مدت بھی بغیر کسی تاخیر کے تمام زائرین کو وطن واپس لایا گیا حکومت نے احسن طریقے سے پہلے بھی ایک نتیجے سے مسائل حل کرنے کے اقدامات کئے جسکی وجہ سے دہشتگردی کے واقعات میں کمی آئی ہے کوشش ہے کہ مثبت انداز میں چلتے ہوئے مزید مسائل بھی حل کریں صوبائی حکومت محنت سے کوشش کررہی ہے کہ عملی اقدامات اٹھا کر امن و امان کی صورتحال بہتر بنائی جائے۔ وزیر اعلیٰ نے امام بارگاہ ولی عصر ہزارہ ٹاؤن میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ مچھ واقعہ پر ہم سب افسردہ ہیں داعش سمیت حالات خراب کرنے والے جتنے بھی عناصر ہیں انکی سرکوبی کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ ہم سنجیدگی سے محسوس کر رہے ہیں کہ مسائل حل طلب ہیں اور ہماری کوشش ہوگی کہ انہیں حل کریں انہوں نے کہا کہ میں یکم جنوری کو ملک سے باہر گیا اور واقعہ تین جنوری کو پیش آیا امارات سے واپسی کے لئے لوازمات پورے کرنے میں تاخیر ہوئی انہوں نے کہا کہ ہمیں تمام اسٹیک ہولڈرز سے بات کرنے میں کسی بھی قسم کی ہچکچاہٹ نہیں ہے یہ مسئلہ ایک قبیلے، گروہ کا نہیں بلکہ ہم سب کا مشترکہ ہے حکومتی ادارے دہشتگردی کی روک تھام کے اقدامات کر رہے ہیں یہی وجہ ہے کہ سال 2020 میں دہشتگردی کے واقعات میں واضح کمی آئی ہزارہ ٹاؤن کے لوگ گواہ ہیں کہ حالات بہتر ہوئے اور ترقی کی جانب بڑھ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ مچھ واقعہ کے حوالے سے معاملات پر پیشرفت کریں گے ہم سب بلوچستانی اور پاکستانی ہیں حکومت ہر طبقے کے لوگوں کو ساتھ لیکر چل رہی ہے یکجہتی کا ماحول پاکستان اور بلوچستان دشمن عناصر کو پسند نہیں وہ ملک میں انتشار پھیلانا چاہتے ہیں تاکہ معاملات کو مزید خرابی کی طرف لیکر جایا جا سکے انہوں نے کہا کہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے تحفظ کے اقدامات کرے اور ہم اس ذمہ داری کو نبھا رہے ہیں ماضی میں کئے گئے آپریشنز اور سیکورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت کوئٹہ میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری آئی ہے کوئٹہ، بلوچستان کے لوگوں نے 10 سال بہت مشکل میں گزارے ہیں ہم نہیں چاہتے وہ حالات واپس آئیں سیاست سے ہٹ کر اخلاص کے ساتھ بہتری کے اقدامات کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد بہت سے معاملات صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں آتے ہیں وزیر اعظم کے آنے کے باوجود بھی مسائل کا حل صوبائی حکومت نے کرنا ہے یقین دلاتا ہوں کہ وزیر اعظم ضرور آئیں گے لیکن شہداء کے لواحقین سے درخواست ہے کہ وہ میتوں کی تدفین کریں انہوں نے کہا کہ ہمیں عوام نے اس منصب تک پہنچایا ہے بلوچستان کے عوام کے مسائل کا حل ہماری ترجیح ہے ہم کل بھی ذمہ دار تھے آج بھی ذمہ دار ہیں لیکن تدفین کو وزیر اعظم کی آمد سے مشروط نہ کریں۔

شال بقیہ 3

گھنٹوں میں کورونا کے 2 ہزار 118 نئے کیسز رپورٹ ہوئے، گزشتہ روز 52 افراد جاں بحق ہوئے، ملک بھر میں ایکٹو کیسز کی تعداد 37 ہزار 740 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق ملک بھر اب تک 4 لاکھ 92 ہزار 594 کیسز کی تعداد ہو چکی ہے، اموات کی مجموعی تعداد 10 ہزار 461 ہو چکی ہے۔ این سی او سی کے مطابق اب تک 4 لاکھ 48 ہزار 393 افراد صحتیاب ہو چکے ہیں، سندھ میں تعداد 2 لاکھ 20 ہزار 501 تک پہنچ گئی۔ این سی او سی کے مطابق پنجاب میں تعداد 1 لاکھ 42 ہزار 58 اور اسلام آباد میں 38 ہزار 531 ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق کے پی کے میں 59 ہزار 995، بلوچستان میں تعداد 18 ہزار 280 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق آزاد جموں و کشمیر میں 8 ہزار 396 اور گلگت بلتستان میں تعداد 4 ہزار 873 ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 38 ہزار 917 کورونا ٹیسٹ کیے گئے، ملک بھر میں اب تک 69 لاکھ 23 ہزار 857 کورونا ٹیسٹ کیے جاچکے ہیں۔

شال بقیہ 4

جانتے ہیں کہ ہمارا پڑوسی اس فرقہ وارانہ دہشت گردی کو ہوا دے رہا ہے۔ وزیر اعظم نے لکھا کہ میں آپ کا درد بانٹتا ہوں اور قوم کے ان لمحات میں اظہار یکجہتی کیلئے پہلے بھی آپ کے پاس آچکا ہوں۔ عمران خان نے کہا کہ میں ہر خاندان سے ذاتی طور پر تعزیت اور دعا کیلئے بہت جلد دوبارہ آؤں گا، میں اپنے لوگوں کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچاؤں گا، ازراہ کرم اپنے پیاروں کی تدفین کریں تاکہ ان کی روح کو سکون مل سکے۔ دریں اثناء وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ہزارہ برادری کے دکھوں اور مطالبات کا احساس ہے جانتے ہیں پڑوسی ملک فرقہ وارانہ دہشتگردی کو ہوا دے رہا ہے، اپنے عوام کے اعتماد سے خیانت نہیں کروں گا میں پہلے بھی مشکل وقت میں ہزارہ برادری کے پاس آیا ہوں اور مچھ واقعہ کے لواحقین سے جلد تعزیت کیلئے آؤں گا۔ بدھ کے روز وزیر اعظم عمران خان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر ٹویٹ کرتے ہوئے مچھ کے سفاکانہ دہشت گرد حملے میں اپنے پیاروں کو کھونے والے ہزارہ خاندانوں کو میں دوبارہ یقین دہانی کروانا چاہتا ہوں کہ میں انکی تکالیف اور مطالبوں سے آگاہ ہوں۔ مستقبل میں ایسے حملوں کے تدارک کیلئے ہم اقدامات اٹھا رہے ہیں اور جان لیں کہ ہمارا ہمسایہ اس فرقہ وارانہ دہشت گردی کو ہوا دے رہا ہے۔ میں آپکا درد بانٹتا ہوں اور قوم کے ان لمحات میں یکجہتی کے اظہار کیلئے پہلے بھی آپکے پاس آچکا ہوں۔ شہدا کے لواحقین سے دعا و تعزیت کیلئے میں ذاتی طور پر دوبارہ بھی جلد حاضر ہوں گا۔ میں اپنے لوگوں کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچاؤں گا۔ ازراہ کرم اپنے پیاروں کو دفن کیجئے تاکہ انکی روحیں آسودگی پائیں۔

شال بقیہ 5

ہے۔ عدالت نے کہا کہ نیب ہمیں ٹرک کی بتی کے پیچھے نہ لگائے، چھوٹے افسران کو پکڑ لیا اصل فائدہ لینے والے کو نہیں پکڑتے ہیں اور ملزم کو چھوڑنے کا الزام سپریم کورٹ پر آتا ہے، ملک کو بچانا ہے یا نہیں، کرتا نیب ہے تنقید سپریم کورٹ پر ہے۔ جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ ہم نیب سے مطمئن نہیں ہیں، نیب کو کام سے کون روکتا ہے ہمیں بتائیں تاکہ اسے پکڑیں، نیب کو مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں، یہ نہیں ہونا چاہیے کہ کسی نے مجھ پر مہربانی کی تو میں اس پر مہربانی کروں، نیب کو بہادری اور اخلاقی جرات کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ عدالت نے کہا کہ نیب کی کارکردگی رپورٹ پڑی ہے، نیب نے اربوں روپے اکٹھے کیے ہیں، نیب پر سرکار کا کوئی نہیں ہر طرف سے دباؤ ہوتا تاہم قانون کا اطلاق سب پر برابر ہونا چاہیے اور احتساب بھی قانون کے مطابق ہونا چاہیے، احتساب قانون کے مطابق نہیں ہوگا تو ادارے کیخلاف ایکشن لیں گے۔ جسٹس سجاد علی شاہ نے کہا کہ نیب بڑے آدمی پر ہاتھ نہیں ڈالتا لیکن بکری چور پانچ سال جیل جاتا ہے۔ جسٹس مظاہر علی نقوی نے کہا کہ نیب سرکاری افسروں کو سب سے پہلے گرفتار کر لیتا ہے لیکن نیب جس کیخلاف شواہد ہوں اسے گرفتار نہیں کرتا، بہاولپور ریفرنس دوسرا ریفرنس کیا مذاق بنایا ہوا ہے۔ نیب پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ ہمارے اوپر کوئی دباؤ نہیں کوئی کام سے نہیں روکتا اور ڈاکٹر ڈنشاہ کی درخواست ضمانت کی مخالفت نہیں کر رہے گے۔ بعد ازاں عدالت نے ڈاکٹر ڈنشاہ کی ضمانت منظور کرلی۔

شال بقیہ 6

آباد میں دونوں ڈکیتیوں کے ملزموں کو پکڑ لیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ یہ فضا ختم کی گئی پولیس چوکیوں کے خلاف ہے، پولیس چوکیوں پر لوگ گھنٹوں دھکے کھاتے تھے، اب پولیس کے پاس گاڑیوں کا ڈیٹا ہوگا۔ شیخ رشید نے کہا کہ 800 کے 800 کیمرے کام کریں گے اور ایگل اسکواڈ ہوگا، جب میں آیا تھا تو سیف سٹی کے 500 کیمرے تھے اب 800 کے 800 کام کر رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ پولیس چوکیوں پر یہ لوگ بھتا لیتے تھے، چوکیوں پر سیاحت کے لیے مری جانے والی خواتین، لڑکیوں کے سامان، پرس کی تلاشی لیتے تھے۔ شیخ رشید نے کہا کہ چوکیوں پر تلاشی کے باعث اسلام آباد آدھا گھنٹہ دیر سے کھلتا تھا۔

شال بقیہ 7

کہ لواحقین یہ چاہتے ہیں کہ وزیر اعظم آئیں Xاور ان کا کہنا تھا کہ جب تک وزیر اعظم نہیں آئیں گے، وہ میتوں کو نہیں دفنائیں گے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے بات سنبھالنے کے لیے پہلے وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید کو کوئٹہ بھیجا گیا اور اب وفاقی حکومت کی طرف سے ذوالفقار بخاری اور علی زیدی کو کوئٹہ بھیجا گیا ہے تاکہ وہ دھرنے کے شرکا اور کان کنوں کے لواحقین سے بات کرکے ان کو دلاسہ دے سکیں لیکن بات سنبھلنے کے بجائے بگڑتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔ اس کی وجہ احتجاجی مظاہرے کے دوران بنے ایک ویڈیو کلپ کا وائرل ہونا ہے جس میں ذوالفقار بخاری اور ہزارہ علما کے درمیان ہونے والی گفتگو سنی جاسکتی ہے۔ اس وقت یہ ویڈیو سوشل میڈیا پر مسلسل شیئر کی جارہی ہے اور ذوالفقار بخاری پر کڑی تنقید بھی جاری ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا کہ مظاہرین زلفی بخاری سے کہتے ہیں ہمارے شہدا کا فائدہ پوری پاکستانی قوم کو ہوگا۔ جواب میں زلفی بخاری کہتے ہیں: آپ کیا فائدہ دیں گے ان کے آنے پر۔ یعنی آپ کیا ذمہ داری لیں گے اگر عمران خان صاحب آتے ہیں۔ مظاہرین کہتے ہیں کہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ وہ آجائیں گے تو ہم ان شہدا کے لواحقین کو تسلی تو ملے گی۔ زلفی بخاری کہتے ہیں: لیکن خدانخواستہ کل کہیں اور پاکستان میں ایسا واقعہ ہو جائے تو وہ کہیں گے کہ ہم یہاں نہیں ایسا چاہتے ہیں۔

شال بقیہ 8

اساتذہ کو بھرپور تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ گزشتہ چند دنوں سے کوئٹہ سے باہر تھے اور ناسازی طبیعت کی وجہ سے وہ پہلے نہ آسکے تاہم اساتذہ کو مستقل کرنے کیلئے ان کی وزارت سمری تیار کرچکی ہے اور پورا محکمہ اساتذہ کو مستقل کرنے کے حق میں ہے ہمیں اسکولوں میں اساتذہ کی کمی کا مسئلہ درپیش ہے تو دوسری جانب گلوبل پارٹنرشپ کے یہ اساتذہ نہ صرف تجربہ کار بلکہ تربیت یافتہ بھی ہیں ان کی مستقل بنیادوں پر تعیناتی سے بچوں کی تعلیم میں آسانی ہوگی انہوں نے اساتذہ کے مطالبات اور ان کے احتجاج کو درست قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کے مطالبات پر عملدرآمد کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہے ہیں تاہم سرکاری وحکومتی امور کی انجام دہی کے مختلف مراحل ہوتے ہیں جنہیں پورا کرنا ضروری ہوتا ہے اساتذہ کو مستقل کرنے کیلئے آج ہی سمری تیار کرکے وزیر اعلیٰ کے پاس جائیں گے ہم بلوچستان کو ایک بہتر مستقبل اس وقت دے سکتے ہیں جب ہمارے تمام بچے تعلیم یافتہ ہوں اور میں یہ مشن لیکر صوبائی وزیر تعلیم بنا ہوں کہ ہم نے صوبے میں تعلیم کو فروغ دینا ہے اور میرے اس وژن کو اساتذہ نے پایہ تکمیل تک پہنچانا ہے میں یقین دلاتا ہوں کہ اساتذہ کے مسائل کے حل میں کوئی رکاوٹ نہیں آنے دیں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر سردار بابر موسیٰ خیل نے کہا کہ سرکاری امور کا ایک الگ طریقہ کار ہوتا ہے ہم نے پہلے بھی اساتذہ کے مطالبات کے ضمن میں کام کیا ہے آئندہ چند روز میں صوبائی کابینہ کا اجلاس متوقع ہے جس میں اساتذہ کو مستقل کرنے اور ان کے دیگر مطالبات پر عملدرآمد کو یقینی بنانے ہر ممکن کوشش کریں گے احتجاج کرنا سب کا جمہوری حق ہے تاہم اساتذہ کو یقین دلاتے ہیں کہ انہیں تنہا نہیں چھوڑیں اور ان کے مسائل کے حل کو یقینی بنائیں گے۔

شال بقیہ 9

مشترکہ دشمنوں نے کیا اور اس میں 7 افراد افغانستان کے شہری تھے Xان کا کہنا تھا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین نے میتیں افغانستان بھیجنے کی درخواست کی ہے۔ افغان قونصل جنرل نے دفتر خارجہ سے کہا کہ آپ سے درخواست کی جاتی ہے کہ متعلقہ حکام سے رابطہ کرکے مذکورہ تین میتوں کو براستہ چمن۔ اسپین بولدک راہداری سے افغانستان منتقل کرنے کی اجازت دے دیں۔ خیال رہے کہ 3 جنوری کو ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے 11 کان کنوں کو اس وقت اسلحے کے زور پر اغوا کیا گیا تھا جب وہ اپنے کمرے میں سو رہے تھے۔ نامعلوم حملہ آوروں نے کان کنوں کو آنکھوں میں پٹیاں باندھ کر مچھ میں کوئلے کی کان سے دور لے گئے تھے اور انہیں قتل کردیا تھا۔

شال بقیہ 10

اہم اجلاس جس میں وفاقی وزراء پرویز خٹک، شاہ محمود قریشی، اسد عمر اور شفقت محمود، چیف وہیپ ملک عامر ڈوگر، وزیر مملکت علی محمد خان اور وزیر اعظم کے مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان بھی شریک ہوئے، اجلاس میں اہم پارلیمانی امور سمیت ملکی سیاسی، معاشی اور کورونا وائرس وباء سے متعلق امور زیر بحث رہے۔ اجلاس میں قومی اسمبلی کے اجلاس کو بلانے اور اپوزیشن جماعتوں کے پارلیمانی رہنماؤں سے مشاورت پر غور کیا گیا۔ اسد قیصر نے کہا کہ بطور عوامی نمائندوں کے اب وقت آگیا ہے کہ ہم عوام سے کیے گئے وعدوں پر عملدرآمد کرنے کے لیے اپنے ہر ممکن وسائل کو بروکار لائیں، مشکل حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے پارلیمنٹ کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ کورونا کی دوسری لہر کے دوران پارلیمنٹ کا کردار بہت ابھارا ہے، وفاقی وزراء جلد وزیر اعظم عمران خان سے ملاقات کریں گے۔ اسد قیصر نے کہا کہ قومی اسمبلی کا اجلاس بلانے سے متعلق حتمی فیصلہ کیا جائے گا، چاہتا ہوں کہ قانون سازی کا عمل آگے بڑھے، قومی اسمبلی کے اجلاس کے دن پورے کرنا آئینی طور پر ضروری ہے۔

شال بقیہ 11

سینیٹ الیکشن سے متعلق دائر کئے گئے ریفرنس کے بارے میں بریف کیا۔ اٹارنی جنرل نے چیئرمین سینیٹ کو اس حوالے سے وفاقی حکومت کے موقف سے بھی آگاہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ کو آئین اور الیکشن ایکٹ میں سینیٹ الیکشن سے متعلق موجود طریقہ کار کے بارے میں بھی تفصیلی آگاہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے اٹارنی جنرل کو اس سلسلے میں اپنی اسپیکر قومی اسمبلی سے ہونے والی ملاقات کے بارے میں بتایا۔

شال بقیہ 12

کی درخواست ضمانت پر سماعت کی، اس دوران پراسیکیوٹر جنرل نیب سمیت دیگر حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران پراسیکیوٹر جنرل نیب نے کہا کہ ڈاکٹر ڈنشاہ کی درخواست ضمانت کی مخالفت نہیں کریں گے، تاہم سرکاری افسران کی ضمانت کی مخالفت کریں گے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ (ملک ریاض کے داماد) زین ملک کی پلی بارگین کی درخواست پر 15 فروری تک کا وقت دیا گیا ہے، جب تک اگر زین ملک نے این او سی نہ دیا تو ان کے خلاف تحقیقات ہوں گی۔ اس موقع پر بنچ کے رکن جسٹس مظاہر علی اکبر نے سخت ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ نیب ہمیں ٹرک کی بتی کے پیچھے نہ لگائے، چھوٹے افسران کو پکڑ لیا، اصل فائدہ لینے والوں کو پکڑتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ اس اسکینڈل کے اصل ملزم پر نیب نے ہاتھ نہیں ڈالا، نیب کے پاس اپنی مرضی سے کام کرنے کا اختیار نہیں، ملک میں بکری چور 5 سال کیلئے جیل جاتا ہے، بڑی کرپشن والے آزاد گھوم رہے ہیں۔ جسٹس مظاہر علی اکبر نے کہا کہ ملک بچانا ہے یا نہیں؟ نیب نے اپنی مرضی کرنی ہے تو سیکشن 9 میں ترمیم کرے پھر جو مرضی کرے، جس پر پراسیکیوٹر جنرل نے کہا کہ نیب اپنی مرضی نہیں کرتا ملزم کو پکڑ کر 24 گھنٹوں میں احتساب عدالت میں پیش کردیا جاتا ہے اس پر جسٹس مظاہر علی اکبر نے کہا کہ اس ملک کے ساتھ نیب کیا کررہا ہے، کرتا نیب ہے تنقید سپریم کورٹ پر ہے، ملزم کو چھوڑنے کا الزام سپریم کورٹ پر آتا ہے۔

شال بقیہ 13

ہیں۔ دوسری جانب پاکستان ریلوے میں ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن کی مد میں 3 کروڑ 14 لاکھ 18 ہزار 893 ادا کئے جارہے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ریلوے انجنوں، مسافر کوچز اور مال گاڑیوں کے ڈبوں کی تعداد بھی کم ہوگئی ہے۔ ریلوے انجنوں کی تعداد 478 سے کم ہوکر 472 رہ گئی۔ سالانہ رپورٹ کے مطابق مسافر کوچز ایک ہزار 460 سے کم ہوکر ایک ہزار 378 رہ گئی ہیں، مال گاڑیوں کے ڈبے 16 ہزار 159 سے کم ہوکر 14 ہزار 327 رہ گئے۔ رپورٹ کے مطابق سال 2020 میں ریلوے اسٹیشنوں اور مسافروں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔

شال بقیہ 14

مداخلت کا اختیار نہیں۔ یقین سے کہتا ہوں کہ پی پی سندھ حکومت کی قربانی نہیں دے گی۔ وزیر اعظم کا کوئٹہ نہ جانا ظلم ہے۔ وفاقی حکومت کو مشورہ دیتا ہوں کہ بلوچستان کے لوگوں کو یقین دلائے کہ وہ لاوارث نہیں۔ چوکوں چوراہوں میں نوجوانوں کو ذبح کیا جارہا ہے۔ پی ٹی آئی نے نئے پاکستان کی بجائے نئے قبرستان بنانا شروع کر دیے ہیں۔ حکومت چاہتی ہے ترقی پر ٹوکل پرائز طے مگر عوام رو رہے ہیں۔ قاضی حسین احمد اتحاد امت کے عظیم داعی تھے۔ ان کے افکار ملت اسلامیہ کا سرمایہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے سابق امیر، مجاہد ملت قاضی حسین احمد کی یاد میں منصورہ میں ہونے والی اتحاد امت کانفرنس سے خطاب اور بعد ازاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کو نظام بدلنے کے لیے جدوجہد تیز کرنا ہوگی۔ وہ دن ضرور آئے گا جب پاکستان اسلام اور خوشحالی کا گہوارہ ہوگا۔ سینیٹر سراج الحق نے تقریب کے اختتام پر قاضی حسین احمد کی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر مشتمل تصویری نمائش کا افتتاح بھی کیا۔ نمائش کا اہتمام جے آئی یوتھ لاہور کی جانب سے کیا گیا۔ صدر جے آئی یوتھ صہیب شریف بھی موجود تھے۔

شال بقیہ 15

شعبوں میں دو طرفہ تعاون کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ پاکستان اور کیوبا کے مابین خوشگوار تعلقات قائم ہیں۔ وزیر اطلاعات نے 2005 میں پاکستان کے زلزلے سے بری طرح متاثر ہونے والے علاقوں کے طالبعلموں کو طبی شعبے میں پیش کیے جانے والے اسکالرشپ پر کیوبا کے سفیر کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستانی طلباء کی کثیر تعداد نے ان طبی اسکالرشپ سے استفادہ حاصل کیا ہے، کیوبا کے عوام ایک باہمت قوم ہیں جنہوں نے کھیلوں، موسیقی اور طب کے شعبوں میں نمایاں خدمات سرانجام دیں۔ کیوبا کے سفیر نے کیوبا اور اس کے عوام کے بارے میں وزیر اطلاعات کے خیالات کو سراہا۔ کیوبا کے سفیر نے دونوں ممالک کے عوام کے باہمی مفاد کیلئے کیوبا اور پاکستان کے مابین مختلف شعبوں میں معاہدوں پر عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں فریقین نے کووڈ 19 وبائی امراض کا مقابلہ کرنے کے لئے اپنی حکومتوں کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اطلاعات نے کیوبا کے سفیر کیلئے اپنی مستقبل کی سفارتی ذمہ داریوں کے بارے میں نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید کی کہ وہ اپنے پاکستان کے قیام کے دوران اچھی یادوں کو ساتھ رکھیں گے۔ ملاقات میں وزارت اطلاعات ونشریات کے اعلیٰ حکام شریک تھے۔

شال بقیہ 16

کے درمیان مضبوط اور برادرانہ تعلقات کو مزید تقویت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستان کی طرف سے سعودی عرب میں ABHA (ابہا) شہر کے لئے نئی فلائٹس شروع کرنے کا معاملہ بھی زیر بحث آیا، وفاقی وزیر نے بتایا کہ ابہا کے لئے بہت جلد دو فلائٹس آپریٹ کی جائیں گی، اس سے دونوں ممالک کے دوستانہ تعلقات اور ٹورازم میں مزید اضافہ ہو گا۔ سعودی سفیر نے اس حوالے سے جلد اقدامات کی یقین دہانی کروائی، سعودی سفیر نے کورونا وائرس کے لئے پاکستان کی طرف سے کئے گئے اقدامات کو سراہا انہوں نے کہا کہ حالات بہتر ہوتے ہی عمرہ زائرین کے لئے جلد فلائٹس شروع کردی جائیں گی دونوں نے کورونا وائرس کے جلد خاتمے کے لئے دعا کی تاکہ اس سال حج کی ادائیگی احسن طریقے سے کی جاسکے۔

شال بقیہ 17

کیا جارہا ہے، موجودہ حکومت نے آئل وگیس سیکٹر میں ای اینڈ پی سرگرمیوں میں اضافہ کیا۔ سعودی سفیر نے کہا کہ توانائی منسٹری کا پاک سعودی انرجی منصوبوں میں تعاون قابل ستائش ہے، دونوں مسلم ممالک کے مابین معاشی تعاون کو فروغ دینے کیلئے مزید اقدامات کئے جائیں گے۔

شال بقیہ 18

کو باہر بھیجا، وہ ہمیں دھوکہ دیکر باہر گئے اور لندن کی فضا ایسی ہے یہاں بیمار تھے وہاں پہنچتے ہی صحت مند ہوگئے۔ شہزاد اکبر نے کہا کہ عمران خان اس بار کسی کو این آر او نہیں دینے والے، دوبارہ این آر او کا چوران بیچنے کی کوشش کی جارہی ہے وہ اب نہیں بکے گا، یہ سب جتنی بھی کوشش کرلیں، این آر او نہیں ملے گا۔ معاون خصوصی نے کہا کہ وزیر اعظم قومی مفاد کیلئے بات کرنے کیلئے تیار ہیں، ذاتی مفاد کیلئے نہیں، قومی ایشو پر بات کرنے کیلئے حکومت کے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2007 میں این آر او دینے سے پاکستان کو بہت نقصان ہوا، پاکستان کیس جیتنے کے قریب تھا کہ این آر او دے دیا گیا تھا۔ شہزاد اکبر نے بتایا کہ اس وقت سب سے بڑی این آر او کی بینفشری پیپلز پارٹی تھی، سرے محل کا کیس این آر او جاری ہونے سے پہلے ہوا تھا، سرے محل کیس کی مریم بی بی کے کیس سے مماثلت تھی، 2004 میں آصف زرداری نے کہا سرے محل سے میرا کوئی تعلق نہیں، حکومت پاکستان کے اقدامات پر یہ کیس ختم ہوا تھا۔

شال بقیہ 19

قومی سلامتی ایڈوائزری بورڈ کا اجلاس ہوا جس میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان معاشی سلامتی پر مبنی ریاست بنانے کی راہ پر گامزن ہے، انسانی فلاح اور معاشی خوشحالی علاقائی روابط پر منحصر ہے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی جیو اسٹرٹیجی کے بجائے جیو معاشی پوزیشن پر توجہ مرکوز کرنی ہے، ہم دنیا کو معاشی شراکت اور سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کریں گے، پاکستان کا معاشی وژن مثبت اور شراکت داروں کو فائدہ پہنچائے گا۔ معاون خصوصی نے تھنک ٹینک کو معاشی سلامتی پر سفارشات تیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان عالمی اقتصادی مرکز بنے گا۔

شال بقیہ 20

میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اہم ٹورسٹ پوائنٹس کی نشاندہی کریں وہاں ہنگامی بنیادوں پر براڈبینڈ سروسز کی فراہمی یقینی کی۔ انہوں نے کہا کہ گلگت آئی ٹی پارک صرف 3 ماہ میں غیر معمولی کامیابی حاصل کرچکا ہے، گلگت آئی ٹی پارک میں خواتین آئی ٹی ڈویلپرز کی کمپنی "ٹی ڈی" نے نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 75 نوجوانوں پر مشتمل کمپنی ذات استوار کی شاندار کامیابیاں۔ گلگت بلتستان کے نوجوان آئی ٹی پروفیشنلز کیلئے مشعل راہ ہیں۔

شال بقیہ 21

اور غمزدہ خاندانوں کے پاس نہ آنا نہ صرف قابل مذمت بلکہ گرفت عمل بھی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سانحہ مچھ کے سلسلے میں ہزارہ قوم کی جانب سے لگائے گئے احتجاجی دھرنے کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا ان کے ہمراہ عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل حاجی صاحب جان کاکڑ اراکین مرکزی کمیٹی ڈاکٹر عیسیٰ خان جوگیزئی جاوید کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ یہ انتہائی مشکل صورتحال ہے جب لواحقین گزشتہ کئی دنوں سے اپنے پیاروں کی تابوت کے ساتھ سرد موسم میں احتجاج کر رہے ہیں سانحہ مچھ کو ایک انسانیت سوز ناروا وحشیانہ عمل قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عرصہ دراز سے ملک کے طول و عرض میں بے گناہ انسان تہہ تیغ ہو رہے ہیں بالخصوص کوئٹہ میں ہزارہ قوم دہشت گردی اور انتہاپسندی کا شکار ہے جو حکمرانوں کی امن و امان سے متعلق کئے جانے والے آئے روز بلند و بانگ دعوؤں کی نفی کا منہ بولتا ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ ہم شروع دن سے نیشنل ایکشن پلان پر سختی سے عملدرآمد کا مطالبہ کرتے چلے آرہے ہیں لیکن افسوس کیساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ ریاست اور حکمران اشرافیہ ایسا کرنے میں تاحال ناکام ہے۔

شال بقیہ 22

ہزاروں افراد اس شدید سردی میں اپنے پیاروں کی میتیں لئے انصاف کے منتظر ہیں لیکن اس کے بدلے میں انہیں کیا ملا ہے؟ وزراء ہزارہ برادری سے پوچھ رہے ہیں کہ عمران خان کے آنے سے انہیں کیا فائدہ ہوگا۔ وزراء X کے اس طرح کے بیانات قابل تشویش ہیں۔ شیری رحمان نے سوال کیا کیا یہ وہی شخص نہیں ہے جو 2013 میں ہزارہ برادری پر حملے کے بعد پیپلز پارٹی کی حکومت پر تنقید کررہا تھا؟ پیپلز پارٹی کے وزیر اعظم بلوچستان جاکر ہزارہ کمیونٹی کے ساتھ سڑک پر بیٹھ گئے تھے لیکن اب کیا ہوا؟ وزیر اعظم خود کیوں نہیں جارہے؟ کیا اپوزیشن اس کی ذمہ دار ہے؟ وزیر اعظم کا فرض ہے کہ وہ غم کے وقت اپنے لوگوں کے ساتھ رہیں۔

شال بقیہ 23

اور واپس روانہ ہوگئیں، مترہ ٹیل ٹول پلازہ سے 6268 گاڑیاں مری میں داخل جبکہ 4098 گاڑیوں نے واپسی اختیار کی۔ ایکسپریس وے ٹول پلازہ سے 7480 گاڑیاں مری میں داخل جبکہ 3872 گاڑیاں واپس لوٹی۔ باڑیاں ٹول پلازہ سے مری میں 1384 گاڑیاں داخل اور 1297 گاڑیوں نے واپسی اختیار کی، ترجمان ٹریفک پولیس گزشتہ رات صرف چار گھنٹوں کے دوران مری میں 15132 گاڑیاں داخل جبکہ 9267 واپس ہوئی ہیں۔

شال بقیہ 24

عمران خان نے سب سے بڑا ترقیاتی پیکیج سندھ اور کراچی کے عوام کیلئے دیا۔ بدھ کو پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مراد سعید نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی قیادت کی طرف سے چورنگی سے ایک چھوٹی سی سڑک کے افتتاح کے موقع پر جو نازیبا زبان استعمال کی گئی اور سندھ کے عوام پر جو حق جتایا گیا اس پر انہیں شرم آنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان نے صوبہ سندھ میں احساس پروگرام کے تحت سب سے بڑا امدادی پیکیج تقسیم کیا تاہم اس امدادی رقم میں بھی خورد برد کی گئی، اومنی گروپ اور جعلی اکاؤنٹس کے ذریعے کرپشن کیلئے سندھ بینک کو استعمال کیا گیا، مراد سعید نے کہا کہ جے آئی ٹی کی رپورٹ اور آئی جی سندھ کی رپورٹ سب کے سامنے ہے جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 12 ہزار جرائم پیشہ عناصر کو سندھ پولیس میں بھرتی کیا گیا، سندھ میں جانے کتنی کے واقعات اور حکومتی سرپرستی میں سرکاری زمینوں پر قبضوں کی داستانیں سب کے سامنے ہیں، سمندر کنارے کراچی کے لوگ پیاسے ہیں اور یہ پاور پلانٹس کی باتیں کر رہے ہیں، پرچی والے چیئرمین کو پرچی کی بنیاد پر عہدہ ملا اور باقی سب لوگ اس کے غلام بنے ہوئے ہیں، بلاول زرداری پرچی والا ہی صحیح لیکن بطور چیئرمین سندھ حکومت سے کوئی سوال بھی نہیں کرتا، کراچی کے ترقی کے پیکیج پر جتنے مرضی روئے انکا اس پیسہ آپ کی کرپشن کی نظر نہیں ہونے دیں گے، کراچی کی صفائی، انفرا اسٹرکچر کی ترقی اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے جو فنڈز دیئے گئے ہیں ان کا حساب ضرور لیں گے، ہر سڑک، کرپشن بے دھڑک کا نظام نہیں چلے گا، سندھ کے ہر ضلع میں جائیں گے اور آپ سے سوال بھی پوچھتے جائیں گے۔

شال بقیہ 25

گے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ انتخابات پر حتمی فیصلہ نہیں ہوا ہے، ہم آئین بچانے نکلے ہیں۔ سیکرٹری جنرل مسلم لیگ ن کا کہنا ہے کہ ہم نے انتخابات میں حصہ لیا تو یہ مطلب نہیں کہ ہم پیچھے ہٹ رہے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا کہ پی ڈی ایم کی تحریک آگے بڑھ رہی ہے، پاکستان کو ان ڈھائی سال میں جتنا نقصان ہوا اس سے پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔

شال بقیہ 26

کر رہا ہے، واقعے میں ملوث افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ مولانا طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ ہمیں مستقل بنیادوں پر دہشتگردی کو ختم کرنا ہے، امت مسلمہ کے مسائل کا حل وحدت اور اتحاد میں ہے دہشت گردی، فرقہ وارانہ تشدد، کرپشن کا خاتمہ اتحاد کے ذریعے ہی کیا جاسکتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کی پوری کوشش ہے کہ امت مسلمہ متحد ہو، قوم مل کر انتہاپسندی اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنا ہے، وزیر اعظم کا موقف واضح ہے اقلیتی برادری بھی برابر کی پاکستانی ہے، موجودہ حکومت نے مدارس اور مساجد کا تحفظ یقینی بنایا ہے۔ واضح رہے کہ مچھ میں تین روز قبل نامعلوم افراد نے کوئلے کی کان میں کام کرنے والے مزدوروں کو اغوا کرنے کے بعد بے دردی سے قتل کیا اور ان کی لاشوں کو پہاڑی علاقے میں پھینک کر فرار ہوگئے تھے۔

شال بقیہ 27

اہلکاروں نے حکومت بلوچستان سے اپیل کی ہے کہ محکمہ کے اہلکاروں کو سیکرٹریٹ کے مساوی الاؤنس کی منظوری دے کر اہلکاروں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ کریں۔

شال بقیہ 28

ضلعی ناظم صحت بارکھان رات کے وقت کوئٹہ سے بارکھان جارہے تھے کہ ان کی گاڑی کو بلوچ کے تحصیل باغ کے قریب پہاڑی علاقے میں روڈ سے نکل کر کھائی میں جاگری ہے جس کے نتیجے میں ضلعی ناظم صحت بارکھان نیاز علی موقع پر جاں بحق ہوگئے ہیں جبکہ ان کے ڈرائیور شدید زخمی ہوگئے ہیں ضلعی ناظم صحت بارکھان کی نعش اور زخمی ڈرائیور کو بی سول ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے حادثہ پہاڑی علاقے میں تیز رفتاری کے باعث پیش آیا ہے۔

شال بقیہ 29

کردار تک پہنچایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں اپنی زیر صدارت صوبے میں امن وامان کی صورتحال سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، چیف سیکرٹری فضیل اصغر، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ، آئی جی ایف سی سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری آئی جی ایف سی نے وزیر اعلیٰ کو اجلاس میں بلوچستان میں امن وامان سے متعلق صورتحال سمیت سانحہ مچھ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مچھ واقعے کے بعد کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا کہ مچھ میں پیش آنے والا واقعہ افسوسناک ہے، حکومت متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑے گی، عوام کی جان ومال کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے، سانحہ مچھ کے درندوں کو انجام تک پہنچایا جائیں گے۔

شال بقیہ 30

تاجران لیاقت بازار مرکزی انجمن تاجران پرنس روڈ مرکزی انجمن تاجران میکانگی روڈ مرکزی انجمن تاجران سرکی روڈ مرکزی انجمن تاجران جناح روڈ مرکزی انجمن تاجران بروری روڈ مرکزی انجمن تاجران عبدالستار روڈ مرکزی انجمن تاجران سریاب روڈ مرکزی انجمن تاجران سورج گنج بازار مرکزی انجمن تاجران ڈبل روڈ ال مارکیٹ ایسوسی ایشن و دیگر یونٹوں نے مرکزی انجمن بلوچستان کے کال پر سانحہ مچھ کے خلاف کل کوئٹہ شہر میں مکمل شٹر ڈاؤن ہڑتال ہوگی تمام تاجر برادری آج اپنا کاروبار مکمل بند رکھیں اور افواہوں پر کان نہ دھرے کیونکہ اتنا بڑا واقعہ پر ہم خاموشی سے نہیں بیٹھ سکتے سانحہ مچھ کے تمام مجرموں کو گرفتار کیا جائے اور ان کو تحفظ فراہم کیا جائے کیونکہ یہ ان کا جائز مطالبات ہے تمام تاجر آج اپنا کاروبار بند رکھیں۔

شال بقیہ 31

ڈی آئی روڈ حب ستی تھانہ کے قریب ٹرک کی ٹکر سے دو موٹر سائیکل سوار محمد طاہر شاہ اور عمران موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایدھی کے رضاکار موقع پر پہنچ کر حادثے میں جاں بحق ہونیوالوں کی نعشیں سول ہسپتال حب منتقل کردیں۔ ٹرک ڈرائیور ٹرک سمیت موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

شال بقیہ 32

لاتے ہوئے ریلوے کو ایک منافع بخش ادارہ بنایا جائے۔ یہ بات انہوں نے ڈی ایس آفس کراچی میں ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ میٹنگ میں سی ای او ریلویز نثار میمن، اے جی ایم ٹریفک سید مظہر علی شاہ، ڈی ایس کراچی ارشد سلام خٹک اور تمام ڈویژنل افسران موجود تھے میٹنگ میں وفاقی وزیر ریلوے کو کراچی ڈویژن کی پرفارمنس کے متعلق بالخصوص فریٹ سروس اور کے سی آر بحالی منصوبے پر جامع بریفنگ دی گئی۔ میٹنگ میں وزیر ریلوے کو کورٹ کیسز سے متعلق بھی آگاہی دی گئی۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ ملکی ترقی کا دار و مدار ریلوے کی ترقی سے ہے اور ریلوے کی ترقی سے ملک میں نئے معاشی دور کا آغاز ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مسافر ٹرینوں کے وقت کی پابندی پر سختی سے ہدایات جاری کیں تاکہ عوام میں ریلوے کے متعلق بہتر تاثر قائم ہو انہوں نے تمام افسران پر زور دیا کہ وہ مالی اہداف کا حصول یقینی بنانے کے لیے دن رات محنت اور لگن سے کام کریں۔

شال بقیہ 33

ملک میں ساری کمیونٹیز غیر محفوظ ہیں۔ جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ مچھ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے، اس کے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کہتی ہے دہشتگردوں کو شکست دی، کہاں ہے وہ شکست؟ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ سینیٹ الیکشن کے بارے میں فیصلے متفقہ ہیں، آئین اور قانون کے دائرے میں حکمت عملی پر ہم متوجہ ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنوری کا پورا مہینہ موجود ہے، آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جعلی حکومت کے ساتھ قومی ڈائیلاگ خارج از امکان ہے، یہ جعلی اسمبلی ہے، اس کو وقت پورا کرنے نہیں دینا چاہیے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ حکومت ہمارے مظاہروں کو نہیں روک سکی، انہوں نے ملتان اور لاہور میں کوشش کی، اس کے علاوہ لاکھوں کے اجتماع کو تین چار ہزار کا اجتماع ظاہر کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ استعفوں اور لانگ مارچ کے معاملے پر جنوری میں بات کریں گے۔

شال بقیہ 34

میتوں کے ساتھ احتجاج کرنے والوں کی تصویر شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری دعائیں، جنہوں نے اپنے پیاروں کا ایسا ظالمانہ قتل معمولی سانحہ نہیں، پوری قوم آپ کے غم میں شریک ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں مریم نواز نے کہا کہ میں اور میرے والد بھی بہت دکھی ہیں لیکن آپ ایک بے حس اور پتھر دل انسان کا انتظار کر رہے ہیں، وہ آپ یا عوام کو جوابدہ نہیں۔ میری اپیل ہے کہ اپنے پیاروں کی میتیں اللہ کے حوالے کرکے سپرد خاک کردیں، اللہ ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور آپ کو صبر دے۔

شال بقیہ 35

بے گناہ مزدوروں کو قتل اور بدامنی میں بھارت کے ملوث ہونے کو خارج از امکان قرار نہیں دیا جاسکتا۔ بی بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت نے پاکستان میں امن کو سبوتاژ کرنے کی منفی پالیسی اپنا رکھی ہے۔ بلوچستان میں ہزارہ برادری کے کوئلے کی کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی ایسی کارروائیوں میں بھارت ملوث ہوسکتا ہے۔

شال بقیہ 36

صوبائی حکومت وفاق کی تعاون سے صوبہ ترقی و خوشحالی کے لیے دن رات کوشاں ہے، جس کی بدولت صوبہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے اور اب وہ دن دور نہیں جب صوبے سے اندھیروں کا خاتمہ یقینی ہوگا۔

شال بقیہ 37

ہے، بغیر ماسٹر پلاننگ کے کوئی صوبہ ترقی نہیں کرسکتا ہے، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور دیگر شہریوں ماسٹر پلان سے متعلق تاجروں، ماہرین سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز و سفارشات کو مد نظر رکھا جائے گا انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور چیف سیکرٹری کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے ہدایات کی روشنی میں محکمہ اربن پلاننگ وڈویلپمنٹ بلوچستان میں ماسٹر پلاننگ کے منصوبوں کا آغاز کرنے جارہا ہے جس سے ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا اور اس ضمن میں کوئٹہ سمیت 32 شہروں میں ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز ضلعی ہیڈکوارٹرز اور ٹاؤنز کی ماسٹر پلاننگ کے منصوبوں کو بہت جلد عملی جامہ پہنایا جارہا ہے۔

شال بقیہ 38

کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے حکومت کی جانب سے کئی مراعات دی گئی ہیں جن میں بینکوں کیلئے سیکورٹی دستاویزات بشمول خود مختار ضمانتیں، ٹیکس رعایتیں، درآمدی ڈیوٹیوں میں رعایت، ون ونڈو آپریشن کے تحت تیز رفتار منظوری، مارکیٹ رسک کے خاتمے کیلئے سرمایہ کار دوست پالیسیاں، امریکی ڈالر میں ادائیگی کی ضمانت شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قابل تجدید توانائی کے ذخائر کے حوالے سے ایک امیر خطہ ہے۔

شال بقیہ 39

گا اور مائنل پریس کلب اوتھل کو گرانٹ فراہم کیا جائیگا اور مائنل پریس کلب کے صحافیوں نے ہمیشہ بہتر انداز میں مسائل کی نشاندہی کی ہے اور صحافیوں کے ساتھ موجودہ حکومت بھرپور تعاون کررہی ہے اور اقلیتی برادری کے جائز و بنیادی مسائل حل کئے جائیں گے بلوچستان بھر میں اقلیتی برادری کے مسائل حل ہورہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں اور مائنل پریس کلب اوتھل کے عہدیدار و سینئر صحافی رفیق تبسم سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

شال بقیہ 40

نے کہا کہ ہزارہ برادری کا سانحہ افسوسناک حادثہ پیش آیا ہے یہ سانحہ صرف ہزارہ برادری کیلئے نہیں بلکہ ہم سب کیلئے افسوسناک ہے سب سے زیادہ ہزارہ برادری کو فرقہ واریت کے نام سے قتل کیا گیا گزشتہ 15 سال سے بلوچستان میں آپریشن جاری ہیں بلوچستان آپریشن میں نواب بگٹی سمیت ہزاروں افراد شہید ہوئے آج بلوچستان میں ہزاروں افراد لاپتہ ہے موجودہ نظام کا منشاء یہ ہے کہ لوگ آپس میں الجھے رہیں فرقہ واریت کے نام پر لوگوں کو عرصہ دراز سے قتل کیا جارہا ہے۔

شال بقیہ 41

احمد پندرانی، ماسٹر خان پندرانی، نور احمد پندرانی، سراج احمد پندرانی، دوست خان پندرانی، سفر خان پندرانی، نصیر احمد پندرانی نے شمولیت اختیار کی اس موقع پر وائس چیئرمین میر نیاز علی پندرانی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم اپنے نئے شمولیت کرنے والے دوستوں کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں ماشاءاللہ پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کا کارواں رواں دواں ہے اور ہمارے کئی دوست رابطے میں ہیں جن کو اپنے کارواں میں شامل کیا جائے گا۔

شال بقیہ 42

خان رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد نواز کاکڑ مولانا محب اللہ کاکڑ حافظ مسعود احمد چوہدری محمد عاطف حاجی قاسم خان خلجی مولانا جمال الدین حقانی اور دیگر شامل تھے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا کہ اس کرگی مظلوم کا قاتل نامعلوم ہو تو قاتل حکمران اور ریاست ہوگی جن کی ذمہ داری امن وامان کا قیام ہے دو مچھ کے آنسو دو ایک بار پھر جھوٹی تسلیاں دے کر اپنے پرانے راستے پر چل پڑتے ہیں انہوں نے کہا کہ ان مظلوم کان کنوں میں باپ کی صورت میں کسی کا سایہ، شوہر کی صورت میں کسی کا غمخوار، بیٹے کی صورت میں کسی کی گود اجڑ گئی کوئی گھر سنبھالنے والے سے محروم ہوگیا انہوں نے کہا کہ پہلے بھی کئی بار اس وطن اور صوبے کو خون نہلایا گیا اور پنجابی، بلوچ، پٹھان اور ہزارہ عالم تاجر کو قتل کرکے شہر کو ماتم کدہ بنایا گیا۔

شال بقیہ 43

میں پریس اکیڈمی کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ کا کہنا تھا کہ پریس انگلش لینگویج اکیڈمی کا قیام خوش آئند بات ہے اور تحصیل کے شہریوں کیلئے یہ ایک اچھا تحفہ ہے۔ یہاں کے بچے پریس اکیڈمی میں داخل ہوکر بہتر تعلیم سے آراستہ ہوسکیں گے انہوں نے کہا کہ علم وہ دولت ہے جسے نہ کوئی چھین سکتا ہے نہ کوئی علم کو نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ ہی کوئی علم میں کمی لاسکتا ہے تاریخ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ جن قوموں نے حصول علم پر توجہ دیا اپنی نئی نسل کو علم کی زیور سے آراستہ کیا وہ قومیں ترقی کے منازل طے کرکے کامیابی کی زندگی گزار رہی ہیں اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے بچوں کو علم کی زیور سے ہر صورت آراستہ کریں، انہوں نے کہا کہ پریس اکیڈمی کے قیام سے مجھے بہت خوشی ہوئی اور اکیڈمی کے پورے اسٹاف کو مبارکباد پیش کرتا ہوں امید رکھتا ہوں کہ علم کا یہ سفر اسی طرح جاری وساری رکھا جائے گا۔

شال بقیہ 44

شدید احتجاج کیا گیا تفصیلات کے مطابق پی ڈی اے کنٹریکٹ ملازمین نے تنخواہیں ادا نہ ہونے اور ادارے وحکومت کی جانب سے منظوری کے باوجود ملازمین کو مستقل نہ کرنے کیخلاف کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں جدوجہد تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے

شال بقیہ 45

کے خلاف آج کوئٹہ میں ہونے والی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہوئے تاجروں اور صرافہ برادری سے اپیل کی کہ وہ اپنا کاروبار بند رکھ کر شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔

شال بقیہ 46

بھارت ملک میں دہشتگردی کو ہوا دینے کی کوشش سے خطے میں امن وسلامتی کے لیے خطرہ ہے بھارت سرجیکل اسٹرائیک سازشوں سے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے دنیا کی توجہ ہٹانا چاہتے ہیں بھارت مسلسل ملک کیخلاف خطرناک سازشوں سے دہشت گردی کے منصوبوں کا واضح اشارہ دے رہا ہے اب بھارت کو جواب دینا ہوگا دہشت گردی کو فروغ دینے کے لئے بھارت نے ہمسایہ ملک میں دہشت گردوں کی تربیت کے لئے متعدد ٹریننگ کیمپ قائم کئے انہوں نے کہا کہ بھارت کی مداخلت اور جارحیت سے عالمی قوانین کو روندا جارہا ہے۔

شال بقیہ 47

کاروائی کر کے زرعی جھگڑے کے مقدمے میں نامزد ملزم شفیع ولد اللہ بخش قوم دیناری سکنہ سوئی کو حسب ضابطہ گرفتار کر لیا گرفتار ملزم مقدمہ نمبر 01/2021 بجرم زیر دفعہ پ 34-504-506-337 کو سوئی پولیس کو مطلوب تھا گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 48

میونسپل کارپوریشن سراناں سمیت تمام بلوچستان کے میونسپل کمیٹیز ٹاؤن کمیٹیوں اور میونسپل کارپوریشن کو کلی جنسی فنڈز کی فراہمی اچانک بند کردی ہے کلی جنسی فنڈز کے عدم فراہمی کی وجہ سینیٹری امور ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں میونسپل کارپوریشن سراناں کے مشینری خراب اور ناکارہ ہونے کی وجہ سے صفائی کا نظام درہم برہم ہے جس کے باعث سراناں شہر کی گلی گلی گندگی کی ڈھیر میں تبدیل ہو گئے۔

شال بقیہ 49

ہے عالمی استعماری قوتیں امت مسلمہ کو معاشی اور سیاسی میدان میں خود مختار اور باوقار حیثیت سے نہیں دیکھنا چاہتے ہیں دجالی سازشوں سے مسلم ممالک کے درمیان مزاحمت، بغاوت اور خانہ جنگی کی صورت حال پیدا کردیا جس سے مسلم ممالک کی امن تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے انہوں نے کہا کہ نام نہاد مذہبی لیڈر کفری قوتوں کی خوشنودی کے لیے مقدس جہاد کو متنازع اور اسرائیل کو تسلیم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 50

شہر کی صفائی وستھرائی کا کام تیزی سے جاری ہے گھروں سے کچرہ اٹھانے کیلئے میونسپل کارپوریشن کی سوزوکی روزانہ مختلف محلوں سے کچرہ اٹھا کر کے ٹھکانے لگاتی ہے شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں عوام میونسپل کارپوریشن کا ساتھ دیں انہوں نے مزید کہا کہ وہ عوام کی فلاح وبہبود اور شہر کی صفائی میں قلبی سکون محسوس کرتے ہیں۔

شال بقیہ 51

سید مقبل شاہ گنداخہ میں احتجاج کر کے دھرنا دے دیا سیکڑوں افراد کی جانب سے سانحہ مچھ کے خلاف شدید نعرے بازی کی موقع پر مظاہرین نے کہا شیعہ قوم کی نسل کشی کی جارہی ہے ہم بھی پاکستانی ہیں شیعہ قوم کو حکومت تحفظ فراہم کریں مظاہرین نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ شیعہ قوم کی نسل کشی بند کی جائے اور ہزارہ قبیلے 11 افراد کے بے دردی سے قتل میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت کارروائی کر کے لواحقین سے انصاف کیا جائے ان کا مزید کہنا تھا کہ شیعہ برادری تنہا نہیں ہے کل گنداخہ سٹی میں بھرپور شٹرڈاؤن احتجاج کیا جائے گا اگر حکومت وقت مطالبات تسلیم نہیں کرتا تو بلوچستان سمیت سندھ میں بھی سخت احتجاج کیا جائے گا۔

شال بقیہ 52

کے بلامقابلہ منتخب ہونے کی خبروں کی تردید کی گئی۔

شال بقیہ 53

سکنہ محلہ چنگ بیلا کو جنسی تشدد اور ہوس کا نشانہ بنانے والے درندہ صفت ملزم پرویز ولد محمد اسلم ساکن محلہ چنگ کو گرفتار کر کے مزید تفتیش جاری کر دی سماجی و عوامی حلقوں نے انسپکٹر اسحاق رودھجو اور پولیس پارٹی کے اس اقدام اور کاروائی کو قابل ستائش قرار دیا ہے۔

شال بقیہ 54

بلوچستان امن تحریک جھکسانہ بولتا ثبوت ہے انہوں نے کہا کہ مچھ واقعہ انتہائی دلخراش ہے جسکی جمہوری وطن پارٹی بھرپور مذمت کرتی ہے یہ واقعہ وفاقی اور صوبائی حکومت کی نالائقی اور ناکامی کا نتیجہ ہے۔

شال بقیہ 55

پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز شریف سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی پی پی پی اور اے این پی کے صوبائی و مرکزی رہنما پشتون خوا میپ کے سربراہ محمود خان اچکزئی بی این پی مینگل کے صدر سابق وزیر اعلیٰ سردار اختر جان مینگل نیشنل پارٹی کے صدر سابق وزیر اعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ و دیگر مرکزی رہنما خطاب کریں گے۔

شال بقیہ 56

صحبت پور کے سیاسی وسماجی شخصیات وعوامی حلقوں نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے محکمہ صحت کی جانب سے ضلع صحبت پور میں (منیجمنٹ کیڈر) انتظامی امور کے ماہر ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ کی بطور DDHO صحبت پور تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ایسے قابل ڈاکٹر کی تعیناتی خوش آئند اقدام ہے۔ اس سے ضلع بھر میں صحت کا شعبہ بہتر ہوگا اور غریب لوگوں کو بہترین طبی سہولیات میسر ہوں گے۔

شال بقیہ 57

ہیں جنہوں نے باطل کے مقابلے میں بھی گردن نہیں جھکائی غلبہ حق کی خاطر اپنی جان ومال سب کچھ قربان کر دیا۔ یزید سے بڑی طاقت ان کی آنکھوں کو خیرہ نہ کرسکی اور انہوں نے اہل باطل کے زیر سایہ زندہ رہنے پر موت کو ترجیح دی۔

شال بقیہ 58

اور بندوں کو پکڑ کر ملزم ظاہر کیا جن کے خلاف نور احمد مینگل اور جماعت القاسمیہ کے فقرا برادری نے اوستہ محمد پریس کلب کے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ پولیس قتل میں اصل ملزم کو گرفتار نہیں کر رہی ہے جب ہم ایس ایچ او کے پاس جاتے ہیں تو وہ ہم ٹال مٹول سے کام لیتا ہے اصل ملزم سرعام گھوم رہا ہے لیکن پولیس انہیں گرفتار نہیں کر رہی ہے۔

شال بقیہ 59

منایا گیا اس سلسلے میں ایک تقریب کا اہتمام کیا تقریب میں پیپلز پارٹی کے سینکڑوں جیالوں اور پی ڈی ایم کے مقامی رہنماؤں اور عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور باقاعدہ کیک کاٹ کر سالگرہ کا افتتاح کیا گیا تقریب سے ڈویژن نصیر آباد کے ضلعی صدر بلال عمرانی ضلعی صدر نیاز عمرانی اور میر مرتضیٰ خان جمالی سمیت دیگر رہنماؤں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عوام کو ایک سوچ اور فلسفہ دینے کے ساتھ ساتھ سیاسی شعور دیں مقررین نے مزید خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کو مستحکم اور ترقی یافتہ بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

شال بقیہ 60

کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق: سانحہ مچھ کے ظالمان کی گرفتاری اور افسوسناک واقعے کی حوالے سے مزاحتی ریلی نکالی گئی ریلی میں عوام نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور افسوسناک واقعے کی مذمت کرتے ہوئے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کیا ریلی کی قیادت حسین زندہ باد ٹرسٹ کے صدر سید حیدر نواز شاہ حسینی کی جبکہ حسین زندہ باد ٹرسٹ گنداواہ کے جنرل سیکرٹری وڈیرہ محمد بچل جھکڑ اور سینئر نائب صدر سید سجاد شاہ بخاری نے شرکت کی احتجاجی ریلی سے مولانا امجد حسین مخصوص صاحب امداد علی آرائیں و دیگر نے خطاب کیا اور واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔

شال بقیہ 61

عوام سے دلی ہمدردی ہے جن کی میں دل سے قدر کرتا ہوں۔ میں پاکستان کے تمام اداروں کی دل سے قدر کرتا ہوں اور رکھ کے حال حوال بھی کرتا ہوں مسائل بھی پوچھتا ہوں۔ باقی رہی بات بارکھان کی تو ہمارا بارکھان سے خونی رشتہ ہے بس کچھ لوگ سیاسی گیری کا نعرہ لگا کر صرف نفرت پھیلا رہے ہیں۔ جب بھی بارکھان کے لوگوں کو ضرورت پڑی کسی بھی صورت میں ایک بلوچ ہونے بھائی چارے و دوستی محبت کے ناطے ہر جگہ ساتھ دیا اور دیتے رہیں گے۔

شال بقیہ 62

آفیسران و اہلکاروں کا کرونا کا ٹیسٹ یقینی بناتا ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر قلات ڈویژن مدثر وحید ملک کی خصوصی ہدایت پر کرونا وائرس آگاہی مہم ایک روزہ سیمینار سے سول اسپتال قلات میں خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید مقصود شاہ ڈی ایچ او نصر اللہ لانگو ایم ایس حاجی علی اکبر بنچاری اور مختلف محکموں کے آفیسران موجود تھے سیمینار سے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سید مقصود شاہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصر اللہ لانگو میڈیکل سپرنٹنڈنٹ حاجی علی اکبر و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کرونا سے بچاؤ کے لیے ہمیں چاہئے کہ ہم حکومتی ایس او پیز پر عمل کرتے ہوئے اپنا اور اپنی فیملی کے کرونا ٹیسٹ کروائیں۔

شال بقیہ 63

منطقی انجام کو پہنچنے والی ہے جنوری کا مہینہ حکومت کیلئے آخری مہینہ ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ اکتیس جنوری کے بعد پی ڈی ایم کا اسلام آباد لانگ مارچ ہوگا جسکے نتیجے میں حکومت کا بوریا بستر گول ہو جائیگا۔

شال بقیہ 64

ہوئے گزشتہ شب بھا کناڑی کے علاقے سے ایک اشتہاری ملزم محمد ہاشم عرف باشو ولد محمد مرید کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار اشتہاری ملزم لیویز اہلکار کو قتل کرنے سمیت دوسرے مقدمات میں بھی لیویز تھانہ بختیار آباد کو مطلوب تھا۔

شال بقیہ 65

زئی کی والدہ بھی وہ آغا فاروق احمدزئی کی اہلیہ اور سابق صوبائی وزیر آغا عرفان کریم احمدزئی کی ہمشیرہ تھی فاتحہ خوانی آغا الطاف احمدزئی ہاؤس قلات میں جاری ہیں دریں اثناء قلات کے صحافیوں درمحمد مینگل آغا قادر شاہ شادی خان مینگل علی محمد مینگل عبداللہ لہڑی انور مینگل اور دیگر نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہیکہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی درجات بلند فرمائیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔

شال بقیہ 66

میں 2005 میں محمد باقر بارینی کو منظم کاکڑ نے شہید کیا تھا اس قتل کے فیصلے میں عباس شاہ اصغر لنگوی حاجی قاسم عبدالغفار بارینی کی کوششوں سے آج جرگہ میں شہید باقر بارینی کے گھر لے گئے جہاں شہید کے ورثاء نے قتل کو اللہ واسطے معاف کیا۔

شال بقیہ 67

کے اساتذہ کے احتجاجی دھرنہ سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر جی ٹی اے کے خان نوشیروان جمیل الدین بلواب خان، افتخار احمد شکرانی مرتضیٰ محمد شہی، جی ٹی اے کوئٹہ کے صدر حاجی نظام الدین کاکڑ، جی ٹی اے سوئی شیل کے صدر عبداللہ جان بھی موجود تھے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے حاجی محمد یونس کاکڑ نے کہا کہ گلوبل پارٹنر شپ کے اساتذہ کا احتجاج بالکل جائز اور حقائق پر مبنی ہے اور حکومت کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر اساتذہ کو مستقل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کرے۔

شال بقیہ 68

زیشان حسین، سردار شاہ اللہ ابابکی، ڈاکٹر فورم کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالغنی ہنگوری، ملک عبدالعزیز زرکون، مشتاق حنی ایڈووکیٹ فرید ابابکی، میر یوسف ہنگوری اور دیگر نے پی پی پی بلوچستان کے میڈیا کوآرڈینیٹر حیات خان اچکزئی کے چچا حاجی محمد علی اچکزئی کے انتقال پر ان کی رہائش گاہ پر جا کر اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

شال بقیہ 69

کے والد جنگ ملک محمد اعظم شاہوانی ملک محمد وارث شاہوانی ملک اور محمد ایوب شاہوانی کے بڑے بھائی تھے انہیں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا فاتحہ خوانی شاہوانی ہاؤس سٹلائٹ ٹاؤن میں جاری ہے۔

شال بقیہ 70

کا دھرنے کو اپنے نام سے منسوب کرنا اور سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کرنا باعث افسوس ہے۔ ہزارہ قوم ایسے سیاسی مداریوں کو پہچان چکی ہے جو اپنے قوم وملت کے ساتھ ہونے والے ظلم کو ذاتی مقاصد کیلئے استعمال کرتے ہیں۔

NOTICE INVITING TENDER

The Directorate General Agriculture Extension Balochistan Quetta invites sealed bids from eligible Bidders/ firms/ joint venture of firms licensed by the Pakistan Engineering Council in the appropriate category for the Construction supply and installation of Date Plant in Panjgur under the Project "Date Plant in Panjgur" (PSDP No. 24 Project ID Z2020-1071). Tender Fee Rs.2000/-, Bid Security 3% for the work.

S.#.	Name of Items	E/Cost
1.	Construction supply and installation of Processing Hall, Date processing plant (Machinery), 1000 MT cold storage, Generators, Refrigerator Truck, Civil Works.	388.021 M

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules 2014. The department has the right to increase or decrease the quantities of supply item according to its need and availability of funds/budget, similarly, the supply of any item or tender can be cancelled. **Eligibility of Bidders:** (a)The bidder must have completed one assignment of similar nature of work in last 5 years.(b) Turnover of at least PKR 200.000 million in last three years showing financial capacity of the firm.(c) Registration with relevant taxation departments. **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the amount of Rs. 3% in the form of Call Deposit or Bank Guarantee of amount specified above in favor of the under-signed from a scheduled bank. Bid Security of joint venture shall be in the Name of joint venture submitting the bid. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed upon payment (non refundable) bidding document fee (amount mentioned above) through Green Challan under the Head of Account C03-Miscellaneous Receipt, C031-Economic Services Receipts-Food & Agriculture, C03136-Agriculture Others, in the NBP/Sate Bank of Pakistan.(The NIT & Bidding Document can also be downloaded from www.bppra.org.pk under TSE No. TS180611E **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 26/01/2021, during office hours on working days. **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 26/01/2021 till 1:00 pm at the office of the undersigned. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day i.e. 26/01/2021 at the office of the under-signed at 2:00 pm. The bidder may obtain further information bidding documents from the office of the under signed. Address: DIRECTORATE GENERAL AGRICULTURE EXTENSION BALOCHISTAN RANI BAGH SARIAB ROAD QUETTA. Phone no. 081-9211500 Fax no. 081-9211506 Email: dgaebalochistan2020@gmail.com

Director General
Agriculture (Extension)
Balochistan Quetta

PRQ No.1742/06.01.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

گوادر: ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے شاہ زیب کاکڑ گوادر ماسٹر پلان اور فری زون میں جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق صدر پاکستان عارف علوی کو بریفنگ دے رہے ہیں

حکومت ملک و قوم کی ترقی و خوشحالی کیلئے دن رات کوشاں ہے، نور محمد دمڑ

ہمارے سول و مسلح افواج اداروں کی مضبوط اور موثر کوششوں کی بدولت آج ملک بھر میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی ہے

دہشت گردی ایک ناسور ہے جس ختم کرنے کیلئے وفاقی و صوبائی حکومت ملکر اقدامات اٹھا رہی ہیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

گوادر: صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان ڈاکٹر عارف علوی کو گوادر آمد کے موقع پر کمشنر مکران ڈویژن طارق قمر ویلکم کررہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں ہماری مسلح افواج سمیت عام شہریوں نے بھی دہشت گردی کے خلاف جاری اس جنگ میں ایسی لازوال قربانیاں دی ہیں جنہیں عالمی برادری بھی سراہتی ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ ہمارے سول و مسلح افواج اداروں کی مضبوط اور موثر کوششوں کی بدولت آج ملک بھر میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی ہے انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی کا جڑ سے خاتمے کے لئے وفاقی و صوبائی حکومتیں پاک فوج، ایف سی، لیویز پولیس سمیت امن و امان قائم کرتے اداروں کے ساتھ ملکر اہم و موثر اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

اس وقت دنیا بھر میں اکیسویں صدی کی مظلوم ترین قوم مسلمان بن چکا ہے' عبدالستار شاہ چشتی

دنیا کی کونے کونے میں مسلمانوں کیساتھ انسانی تاریخ کے شرمناک مظالم کا ارتکاب کیا جارہا ہے

عالمی استعماری قوتوں نیا اسلام کیخلاف سازشوں کا ایک طوفان برپا کیا ہوا ہے جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) جمیعت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی نے کہا ہے کہ اس وقت دنیا بھر میں اکیسویں صدی کی مظلوم ترین قوم مسلمان بن چکا ہے عالم اسلام شدید کرب و ابتلا کی کیفیت سے دوچار ہے موجودہ حالات میں امت مسلمہ پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہے۔ دنیا کی کونے کونے میں مسلمانوں کیساتھ انسانی تاریخ کے شرمناک مظالم کا ارتکاب کیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ عالمی استعماری قوتوں نیا اسلام کیخلاف سازشوں کا ایک طوفان برپا کیا ہوا بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

میونسپل کارپوریشن سراناں کو فنڈز کی عدم ادائیگی کی وجہ سے تمام کام ٹھپ ہوکر رہ گئے

سراناں (آن لائن) میونسپل کارپوریشن سراناں کو فنڈز کی عدم ادائیگی کی وجہ سے تمام کام ٹھپ ہوکر رہ گئے مشینری جام اور صفائی کا کام متاثر ہوکر شہر گندگی کی لپیٹ میں آ گئے تفصیلات کے مطابق بلوچستان حکومت بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں شمسی توانائی کے متعدد منصوبے زیر تعمیر ہیں، فرمان زرکون

شمسی توانائی، ساحلی علاقوں میں ہوا سے بجلی کی پیداوار سمیت دیگر کی اپ گریڈیشن سمیت انرجی پارکس کے منصوبوں میں منافع بخش سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے

بلوچستان میں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں، چیف ایگزیکٹو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ بلوچستان میں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات موجود ہیں، شمسی توانائی، ساحلی علاقوں میں ہوا سے بجلی کی پیداوار، ہن بجلی کے چھوٹے منصوبوں، آف گرڈ پاور اسٹیشن بجلی کی ٹرانسمیشن لائنوں اور تقسیم کاری اپ گریڈیشن سمیت انرجی پارکس کے منصوبوں میں منافع بخش سرمایہ کاری کی جاسکتی ہے، ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ توانائی بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

سابق وزیر داخلہ سینیٹر میر سرفراز بگٹی کا محمد حنیف کھیتران کے ہمراہ گروپ فوٹو

ڈیرہ بگٹی پریس کلب (رجسٹرڈ) کا ہنگامی اجلاس صدر پریس کلب احمد بگٹی کے صدارت میں منعقد ہوا

ڈیرہ بگٹی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی پریس کلب (رجسٹرڈ) کا ایک ہنگامی اجلاس صدر پریس کلب احمد بگٹی کے صدارت میں منعقد ہوا جب کہ اجلاس میں صدر کے علاوہ جنرل سیکرٹری شوکت علی بگٹی سینئر نائب صدر غلام احمد چیئرمین محمد صدیق بگٹی سیکرٹری فنانس محمد مراد بگٹی آرگنائزر عارف بگٹی ڈپٹی آرگنائزر فائق علی بگٹی اور دیگر سینئر ممبرز نے شرکت کی اجلاس میں پریس کلب کے میڈیا ایکشن ڈی باڈی بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

ہزارہ برداری پر 22 سالوں سے ظلم ڈھائے جارہے ہیں' نائب صدر جمہوری وطن پارٹی

جلد ہی پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کا اجلاس بلا کر صوبائی اور وفاقی حکومت کے ساتھ اتحاد میں رہنے یا نہ رہنے کا فیصلہ کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) جمہوری وطن پارٹی کے نائب صدر جو اوعلی ہزارہ اور سینئر نائب صدر نور اللہ وطن دوست نے کہا ہے کہ جمہوری وطن پارٹی مچھ واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے جلد ہی پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کا اجلاس بلا کر صوبائی اور وفاقی حکومت کے ساتھ اتحاد میں رہنے یا نہ رہنے کا فیصلہ کریں گے، یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ ہزارہ برادری پر 22 سالوں سے ظلم ڈھائے جارہے ہیں جن میں اب تک 2 ہزار افراد شہید جبکہ 7 ہزار زخمی ہوئے ہیں جمہوری وطن پارٹی نے ہمیشہ اس ظلم کے خلاف آواز اٹھائی 2009 کی بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

بیلہ پولیس کی کاروائی بچے پر جنسی تشدد کرنے والا درندہ صفت ملزم گرفتار

بیلہ (آن لائن) بیلہ پولیس کی کاروائی بچے پر جنسی تشدد کرنے والا درندہ صفت ملزم گرفتار، بدھ کے روز ایس ایچ او بیلا انسپکٹر اسحاق روجھو نے اے ایس آئی امان اللہ روجھو اور پولیس پارٹی کے ہمراہ جب کے علاقے بھوانی سے پچھلے روز پانچ سالہ بچے ازان حیات ولد محمد حیات بلوچ بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

ملک میں مہنگائی عروج پر ہے عوام کی زندگیاں مشکل سے گذر رہی ہیں، سردارزادہ نعمان خان ناصر

میاں نواز شریف کے ووٹ کو عزت دو کے نعرے اور سلوگن کو عوام میں مقبولیت حاصل ہورہی ہے

لورالائی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی سینئر نائب صدر سردارزادہ نعمان خان ناصر سردار زادہ محمد ایوب خان ناصر ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی موسیٰ خان ناصر مسلم لیگ (ن) ضلع دکی کے صدر حاجی پیر جان ناصر جنرل سیکرٹری رحمت اللہ موسیٰ خیل پارٹی منہاجوں کے سینئر رہنما شیر خان بختیار اسد خان ترکئی نے ناصر ہاؤس میں قبائلی لیگی رہنماؤں و کارکنوں کا اہم اجلاس ہوا جس میں گیارہ جنوری کو پی ڈی ایم کے مرکزی قائدین کے دورہ لورالائی کے حوالے سے ایک کی تیاریوں اور انتظامات کا جائزہ لیا گیا اجلاس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تیرہ جنوری کو لورالائی میں پی ڈی ایم کے جلسہ عام سے بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ کی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر صحبت پور تعیناتی خوش آئند اقدام ہے، سیاسی وسماجی شخصیات وعوامی حلقے

صحبت پور (این این آئی) ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ کی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر صحبت پور تعیناتی خوش آئند اقدام ہے۔ موصوف انتہائی محنتی مخلص و درد دل رکھنے اور انتظامی امور کے ماہر آفیسر ہیں۔ ان کی تعیناتی سے ضلع میں صحت کے شعبے میں بہتری آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار ضلع بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

ہم اپنے نئے شمولیت کرنے والے دوستوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، میر نیاز علی پندرانی

حکومت مچھ واقعہ میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کرکے کیفر کردار تک پہنچائے، چیئرمین پندرانی نوجوان اتحاد

گنداواہ (نامہ نگار) المدینہ پیٹرول پمپ جعفرآباد میں پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد کے مرکزی چیئرمین میر صابر خان پندرانی کی ہدایت پر مرکزی عہدیداروں کی میٹنگ وائس چیئرمین میر نیاز علی پندرانی کی قیادت میں منعقد ہوئی جس میں جنرل سیکرٹری ڈاکٹر حبیب اللہ پندرانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر نیاز جان پندرانی، قبائلی رہنما سردارزادہ میر محمد الیاس پندرانی، میر رشید احمد پندرانی و دیگر موجود تھے میٹنگ میں صوبائی، ڈسٹرکٹ اور تحصیل سطح پر تنظیم سازی کے حوالے سے اہم مشاورت بھی کی گئی اس موقع پر پاکستان پندرانی نوجوان اتحاد میں میر عبدالقدیر پندرانی، حاجی محبت خان پندرانی، سرفراز بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

اگر کسی مظلوم کا قاتل نامعلوم ہو تو قاتل حکمران اور ریاست ہوگی، مولانا عبدالرحمن رفیق

پہلے بھی کئی بار اس وطن اور صوبے کو خون نہلایا گیا اور پنجابی بلوچ پشتون اور ہزارہ عالم تاجر کو قتل کر کے شہر کو ماتم کدہ بنادیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) جمیعت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق کی سربراہی میں جمیعت علماء اسلام کے وفد نے ہزارہ برادری کی جانب سے 10 کان کنوں کے قتل خلاف قائم احتجاجی کیمپ جاکر لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا وفد میں جمیعت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی جوائنٹ سیکرٹری ضلعی سینیئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا مفتی محمد روزی بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

بھارت سرجیکل اسٹرائیک سازشوں سے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے دنیا کی توجہ ہٹانا چاہتے ہیں، عبدالقادر لونی

بھارت مودی سرکار احتجاجی ریلیوں قراردادوں کی نئی طاقت اور جہاد کی زبان سے سمجھایا جاسکتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمیعت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی نائب امیر مولانا عبدالقادر لونی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی مرکزی ناظم مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالاحد کبدانی نے کہا کہ بھارت مودی سرکار احتجاجی ریلیوں قراردادوں کی نہیں طاقت اور جہاد کی زبان سے سمجھایا جاسکتا ہے حکومت بھارت کو منہ توڑ جواب دے بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

سوئی پولیس کی کامیاب کاروائی ایف آئی آر میں نامزد ملزم گرفتار

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) سوئی پولیس کی کامیاب کاروائی ایف آئی آر میں نامزد ملزم گرفتار ایس پی ڈیرہ بگٹی عطاء الرحمن ترین کی خصوصی احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل سوئی عیسیٰ جان رند کی نگرانی میں ایس ایچ او سٹی سوئی حق نواز نے اپنے ٹیم کے ہمراہ سوئی میں بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کیلئے وسائل کا بہترین استعمال کررہے ہیں، ظفر اقبال

مزید افرادی قوت اور مشینری کی فراہمی کیلئے صوبائی حکومت اقدامات کررہی ہے

پشین (ح ن) ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن پشین ظفر اقبال نے کہا کہ شہر کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کیلئے وسائل کا بہترین استعمال کررہے ہیں مزید افرادی قوت اور مشینری کی فراہمی کیلئے صوبائی حکومت اقدامات کررہی ہے انہوں نے کہا کہ روزانہ کی بنیاد پر کم سٹاف ہونے کے باوجود بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

شیعہ قوم کی نسل بندی کی جائے' شیعہ قوم کو حکومت تحفظ فراہم کریں' سید زاہد الحسینی

شیعہ برادری تنہا نہیں ہے کل گنداخہ سٹی میں بھرپور شٹرڈاؤن احتجاج کیا جائے گا

گنداخہ (نامہ نگار) سانحہ مچھ کے 11 ہزارہ قبیلے شیعہ مومنین کے بے دردی سے قتل کے خلاف مجلس وحدت مسلمین بلوچستان کے صوبائی سیکرٹری عزاداری سیل سید نثار شاہ الحسینی ضلع جعفرآباد کے سیکرٹری جنرل سید زاہد الحسینی سید ساجد علی و دیگر کی جانب سے الحسینی امام بارگاہ گوٹھ بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

سبی: بختیار آباد لیویز فورس کی کامیاب کارروائی کے بعد اشتہاری ملزم کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ملازمین و مزدوروں کو بیروزگار کرنے کی پالیسیاں تسلیم نہیں کریں گے

حکومت کنٹریکٹ و پراجیکٹ ملازمین کو فوری مستقل کرے، حاجی سیف اللہ ترین

کوئٹہ (این این آئی) مزدوروں اور ملازمین نے بلوچستان حکومت محکمہ بی ڈی اے کی انتظامیہ کی غیر منصفانہ پالیسیوں 7 ماہ سے تنخواہ ادا نہ کرنے کنٹریکٹ و پراجیکٹ ملازمین و مزدوروں سے 14 سال تک ڈیوٹی لینے کے باوجود انہیں ادارے میں مستقل نہ کرنے بی ڈی اے کے افسران کی جانب سے عدالتوں کے احکامات پر عمل نہ کرنے کیخلاف بھرپور احتجاج کیا پریس کلب کے سامنے مظاہرین سے بلوچستان لیبر فیڈریشن کے رہنما حاجی سیف اللہ ترین عبدالرزاق خان محمد عمر جنگ انور یوسفزئی عابد بٹ زاہد ہجری نے کہا کہ ملازمین و مزدوروں کو بیروزگار کرنے کی پالیسیاں تسلیم نہیں کریں گے حکومت کنٹریکٹ و پراجیکٹ ملازمین کو فوری مستقل کرے۔

ملک وملت کی متاع عزیز اور سرمایہ حیات ہیں، حافظ نظام الدین اولیا

قزاقوں سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنا اور چور راستوں سے رہزنی کرنے والوں کے لیے راستہ مسدود کرنا طلبہ کا فرض ہے

اوتھل (نامہ نگار) اوتھل جمعیت طلباء اسلام یونٹ اوتھل کے ناظم اطلاعات حافظ نظام الدین اولیاء نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ طلباء ملک وملت کی متاع عزیز اور سرمایہ حیات ہیں۔ قزاقوں سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنا اور چور راستوں سے رہزنی کرنے والوں کے لیے راستہ مسدود کرنا طلبہ کا فرض ہے ہم اپنی حقیقت پر غور کریں تو معلوم ہوگا کہ ہم ان اسلاف کے ماننے والے بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

علم وہ دولت ہے جسے نہ کوئی چھین سکتا ہے نہ کوئی علم کو نقصان پہنچا سکتا ہے، جمیل احمد بلوچ

پرنس اکیڈمی کے قیام کا بنیادی مقصد ذہین طلباء و طالبات کو بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے

اوتھل (ح ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ نے کہا کہ پرنس اکیڈمی کے قیام کا بنیادی مقصد ذہین طلباء و طالبات کو بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ ان کے والدین نے جو خواب دیکھے ہیں وہ پورے ہوسکیں اس ادارے سے نوجوان نسل زیور تعلیم سے آراستہ ہو کر لسبیلہ کی ترقی و خوشحالی کیلئے معاون ثابت ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے شاہین پبلک اسکول اوتھل بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

محکمہ بی ڈی اے کے ملازمین مسائل حل نہ ہونے پر سراپا احتجاج

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ بی ڈی اے کے کنٹریکٹ و پراجیکٹ ملازمین مزدور 7 ماہ کی تنخواہیں نہ ملنے اور 15 سال سروس کے باوجود مستقل نہ ہونے کیخلاف سراپا احتجاج کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن سے ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی جہاں بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ کے خلاف آج کوئٹہ میں ہونے والی شٹرڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کرتے ہیں، سردار جبار خان خلجی

تاجروں اور صرافہ برادری سے اپیل کی کہ وہ اپنا کاروبار بند رکھ کر شٹرڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنائیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی، سرپرست اعلیٰ حاجی علی محمد صراف، صدر عبدالہادی صراف، سینئر نائب صدر میر ندیم شاہوانی صراف، جنرل سیکرٹری علی رضا صراف، پریس سیکرٹری صاحبزادہ صراف اور دیگر نے مچھ واقعہ کے خلاف آج کوئٹہ میں شٹرڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے تاجروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنا کاروبار بند رکھیں اور ہڑتال کو کامیاب بنائیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے مچھ میں بے گناہ کانکنوں کو قتل کرنے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کی جانب سے سانحہ مچھ بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ آج کوئٹہ آئیں گے، ہزارہ برادری کے جاری دھرنے سے اظہار یکجہتی کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ آج کوئٹہ آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ آج مختصر دورے پر کوئٹہ آئیں گے جہاں وہ مغربی بائی پاس پر جاری سانحہ مچھ کے شہداء اور ہزارہ برادری کے جاری دھرنے سے اظہار یکجہتی کرنے کے ساتھ ساتھ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا تعزیتی اور یکجہتی کا پیغام بھی دھرنے کے شرکاء تک پہنچائیں گے۔

بغیر ماسٹر پلاننگ کے کوئی شہر ترقی نہیں کرسکتا، عبدالطیف کاکڑ

ماسٹر پلاننگ مستقبل کی عملی ترقی کی بنیاد ہے جو شہری زندگی کی تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتی ہے

محکمہ شہری منصوبہ بندی و ترقیات کے تحت اس وقت ماسٹر پلاننگ کے دو بڑے منصوبے زیر غور ہے، سیکرٹری شہری منصوبہ بندی و ترقیات

کوئٹہ (ح ن) سیکرٹری شہری منصوبہ بندی و ترقیات عبدالطیف کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کا کوئٹہ سمیت 32 اضلاع میں موجودہ دستیاب سہولیات انفراسٹرکچر، بنیادی ڈھانچے، شہروں و دیہاتوں، پارکوں، کاروباری مراکز، تعلیمی اداروں، رہائشی اسکیمات و مکانات صحت کے مراکز، پانی کے وسائل، ماحولیات تبدیلی کے اثرات و دیگر وسائل کی سائنسی بنیادوں پر سروے و تجزیہ کرنے کا فیصلہ جس کی روشنی میں متوقع آبادی میں اضافے کی بنیاد پر ترقی کے امکانات اور وسائل میں اضافے کے لیے سفارشات پیش کئے جائیں گے۔ حقیقی ترقی کی منزل کو سمجھنے کے لیے ماسٹر پلاننگ ناگزیر بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

اوتھل: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو لسبیلہ ڈاکٹر جمیل احمد بلوچ کو پرنس اکیڈمی کی افتتاحی تقریب کے موقع پر [illegible] شیلڈ پیش کررہے ہیں

ترقی یافتہ پاکستان خوشحال عوام بھٹو کا مشن تھا، میر بلال عمرانی

شہید ذوالفقار علی بھٹو نے عوام کو ایک سوچ اور فلسفہ دینے کے ساتھ ساتھ سیاسی شعور دیں

اوستہ محمد (این این آئی) ملک بھر کی طرح اوستہ محمد میں پاکستان پیپلز پارٹی کے قائد شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ جوش و جذبے کے ساتھ منائی گئی۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی ویژن کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے کسی قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کریں گے ترقی یافتہ پاکستان خوشحال عوام بھٹو کا مشن تھا میر بلال عمرانی میر مرتضیٰ خان جمالی اور نیاز عمرانی کا خطاب تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر نیاز احمد عمرانی کی قیادت میں انور میرج ہال اوستہ محمد میں شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سالگرہ بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

پولیس قتل میں اصل ملزم کو گرفتار نہیں کررہی ہے، نور احمد مینگل

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد کے قریب نوجوان اکبر مینگل کو بیدردی سے قتل کرکے ان کی لاش کو جھاڑیوں میں پھینک کر فرار ہوگئے تھے قتل میں ملوث ملزمان کو سٹی پولیس نے گرفتار کیا لیکن ورثاء کو یہ شبہ تھا کہ مقتول کی بیوی سمیت اصل قاتل کوئی اور ہے لیکن پولیس نے بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ کے خلاف حسین زندہ باد ٹرسٹ کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی نکالی گئی

جھل مگسی (نامہ نگار) سانحہ مچھ کے خلاف حسین زندہ باد ٹرسٹ کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی نکالی گئی ریلی کی قیادت حسین زندہ باد ٹرسٹ کے صدر سید حیدر نواز شاہ حسینی نے کی۔ (سانحہ مچھ کے ملزمان کو گرفتار کیا جائے) (مظاہرین بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

حب شہر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف بھرپور روائی کا فیصلہ کیا گیا ہے، محمد احمد ظہیر

میڈیا کے دوست عوامی مسائل کی نشاندہی کریں جن کے حل کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں گے

لسبیلہ (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر حب لیفٹیننٹ (ر) محمد احمد ظہیر نے کہا کہ حب شہر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف بھرپور روائی کا فیصلہ کیا گیا ہے میڈیا کے دوست عوامی مسائل کی نشاندہی کریں جن کے حل کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں گے، مین آر سی ڈی روڈ کے سائڈ کسی کی بحالی اور اسپیڈ بریکر کے حوالے سے این ایچ اے حکام سے بات کی جائے گی۔

کورونا وائرس کے باعث اب تک ہزاروں افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں، شاہد محمود

کورونا وائرس کا ٹیسٹ اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ناگزیر ہو چکا ہے، ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ

قلات (این این آئی) ڈویژنل ڈائریکٹر ہیلتھ شاہد محمود نے کہا ہے کہ کورونا ایک جان لیوا عالمی وبا ہے کورونا وائرس کے باعث اب تک ہزاروں افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں کورونا وائرس کا ٹیسٹ اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ناگزیر ہو چکا ہے اپنا اور اپنی خاندان کے کورونا ٹیسٹ کروانا لازمی ہے خدانخواستہ اگر ٹیسٹ مثبت آجائے گھبرانے کے بجائے قرنطینہ میں جا کر احتیاطی عمل کو اپنایا جائے سیمینار کے انعقاد کا مقصد کورونا سے متعلق شعور اور آگاہی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ تمام سرکاری بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

محمد حنیف کھیتران کی سابق وزیر داخلہ سینیٹر میر سرفراز بگٹی صاحب سے رکنی میں ملاقات

بارکھان (نامہ نگار) آج میری اور محمد حنیف کھیتران کی سابق وزیر داخلہ سینیٹر میر سرفراز بگٹی صاحب سے رکنی میں ملاقات ہوئی بارکھان کرچہ لیویز چوکی کے واقعہ کے حوالے سے تفصیلی بات ہوئی میر سرفراز بگٹی صاحب کا کہنا تھا کہ یہ ایک سازش ہے اور کچھ نہیں میری بارکھان کی بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

بختیار آباد لیویز فورس کی کامیاب کارروائی، بھاگ ناڑی سے اشتہاری ملزم گرفتار

سبی (نامہ نگار) بختیار آباد لیویز فورس کی کامیاب کارروائی، بھاگ ناڑی سے اشتہاری ملزم گرفتار، گرفتار اشتہاری ملزم لیویز اہلکار پر حملے سمیت مختلف مقدمات میں لیویز انتظامیہ بختیار آباد کو مطلوب تھا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر سبی محمد یاسر بازئی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لہڑی زوہیب الحق صدیقی، رسالدار میران خان ڈومکی اور حوالدار محمود خان سولنگی سمیت لیویز فورس اور کیو آر ایف فورس کے ساتھ کامیاب کارروائی کرتے بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کے جلسوں سے حکومت شدید دباؤ کا شکار ہے، رحمت کدیزئی

حکومت گرانے کیلئے پی ڈی ایم کی تحریک منطقی انجام کو پہنچنے والی ہے

جنوری کا مہینہ حکومت کیلئے آخری مہینہ ثابت ہوسکتا ہے، حاجی ولی کاکڑ

لورالائی (این این آئی) پیپلز پارٹی ژوب ڈویژن کے صدر رحمت کدیزئی سیکرٹری اطلاعات حاجی ولی کاکڑ نے اپنے مشترکہ بیان میں پی ڈی ایم کے زیر اہتمام 13 جنوری کو لورالائی میں تاریخی جلسہ عام کا خیر مقدم کرتے ہوئے ژوب ڈویژن کے تمام اضلاع کے کارکنوں کو بھرپور شرکت کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ جلسہ سے پارٹی کے مرکزی و صوبائی رہنما خصوصی طور پر شرکت کریں گے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کے جلسوں سے حکومت شدید دباؤ کا شکار ہے حکومت گرانے کیلئے پی ڈی ایم کی تحریک بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

محکمہ تعلقات عامہ کے ٹوکن ہڑتال کے تیسرے روز احتجاجی کیمپ سے مختلف محکموں کے نمائندہ اراکین خطاب کررہے ہیں

پرنس آغا عبدالکریم خان احمدزئی کی صاحبزادی شہزادی انتقال کرگئیں

قلات (این این آئی) پرنس آغا عبدالکریم خان احمدزئی کی صاحبزادی شہزادی بینا سلطان انتقال کر گئیں وہ آغا ناصر احمدزئی آغا مصطفیٰ خان احمدزئی سماجی کارکن رضیہ احمدزئی احمد بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

معاشرے میں موجود دشمنوں کو ختم کرکے ترقی کی منزلیں طے ہوتی ہے' رحیم کاکڑ

وہ معاشرہ کبھی ترقی نہیں کرتا جس کے بزرگ ان قسم کے واقعات کو ختم کرنے میں پہل نہیں کرتی

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے صدر سابق سینیٹر رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ معاشرے میں موجود دشمنوں کو ختم کرکے ترقی کی منزلیں طے ہوتی ہے اور وہ معاشرہ کبھی ترقی نہیں کرتا جس کے بزرگ ان قسم کے واقعات کو ختم کرنے میں پہل نہیں کرتی یہ باتیں بابے مل بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں گزشتہ 15 سالوں سے آپریشنز جاری ہے، عبدالحئی بلوچ

مچھ واقعہ صرف ہزارہ برادری کیلئے نہیں بلکہ بلوچستانیوں کیلئے ایک افسوسناک ہے

فرقہ واریت کے نام پر لوگوں کو عرصہ دراز سے قتل کیا جارہا ہے، سربراہ نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ نے کہا ہے کہ مچھ واقعہ صرف ہزارہ برادری کیلئے نہیں بلکہ بلوچستانیوں کیلئے ایک افسوسناک ہے، بلوچستان میں گزشتہ 15 سالوں سے آپریشنز جاری ہے اور فرقہ واریت کے نام پر لوگوں کو عرصہ دراز سے قتل کیا جارہا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مغربی بائی پاس پر مچھ واقعہ کے لواحقین کی جانب سے دھرنے کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

گنداواہ: سانحہ مچھ کیخلاف حسین زندہ باد ٹرسٹ کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

حکومت کی جانب سے ٹیچنگ اسپتال قلات کے لیے پانچ کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، محمد عمران بنگلزئی

ڈسٹرکٹ سول اسپتال کو عوام کی سہولت کے لیے بہتر سے بہتر بنایا جائے گا، ایڈیشنل کمشنر

قلات (این این آئی) کمشنر قلات ڈویژن مدثر وحید ملک کی خصوصی ہدایت پر ایڈیشنل کمشنر محمد عمران بنگلزئی نے قلات سول اسپتال کا دورہ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے ٹیچنگ اسپتال قلات کے لیے پانچ کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں ڈسٹرکٹ سول اسپتال کو عوام کی سہولت کے لیے بہتر سے بہتر بنایا جائے گا آپریشن تھیٹرز اور انتہائی نگہداشت والے وارڈ (آئی سی یو) کو مکمل فعال بنایا جائے گا۔

فیض آباد کے مقام پر چندہ برائے تمبو تا فیض آباد روڈ کی تعمیر کیلئے کیمپ لگادی گئی

عوام کی امید حکومت سے ختم ہوتے دیکھ کر عوام نے اپنی مدد آپ کے مہم کا آغاز کردیا

نصیرآباد (نامہ نگار) فیض آباد کے مقام پر چندہ برائے تمبو تا فیض آباد روڈ کی تعمیر کیلئے کیمپ لگادی گئی عوام کی امید حکومت سے ختم ہوتے دیکھ کر عوام نے اپنی مدد آپ کے مہم کا آغاز کردیا تمبو نصیرآباد کی تحصیل ہے تحصیل تمبو 2010 اور 2012 کے تباہ کن سیلابی پانی نے جہاں اہل علاقہ کے مکینوں کے گھروں کو زمین بوس کردیا مال مویشی اور اناج سیلابی پانی میں بہہ گئے اور فصلوں کو تباہ کردیا جس کا آج تک کوئی ازالہ نہ ہوسکا۔

گلوبل پارٹنرشپ ایجوکیشن پراجیکٹ کے اساتذہ کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے، حاجی محمد یونس کاکڑ

اساتذہ کو اس شدید سردی میں احتجاج پر مجبور کرنا قابل افسوس ہے، حکومت فوری طور پر اساتذہ کو مستقل کرے

کوئٹہ (آن لائن) گلوبل پارٹنرشپ ایجوکیشن پراجیکٹ کے اساتذہ کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے ان کے مطالبات کی مکمل حمایت کرتے ہیں، اساتذہ کو اس شدید سردی میں احتجاج پر مجبور کرنا قابل افسوس ہے حکومت فوری طور پر اساتذہ کو مستقل کرے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی چیف آرگنائزر حاجی محمد یونس کاکڑ نے گلوبل پارٹنرشپ پراجیکٹ بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ سے ہر دل افسردہ اور ہر آنکھ اشکبار ہے' ہزارہ سٹوڈنٹس فیڈریشن

غم کی اس گھڑی میں شہداء کے جنازوں کو رکھ کر دھرنا دینا خالصتاً مظلوم عوام کی ایماء پر کیا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ سٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی بیان میں کہا گیا ہے کہ سانحہ مچھ سے ہر دل افسردہ اور ہر آنکھ اشکبار ہے۔ پوری قوم شہداء کے لواحقین کے غم میں شریک ہیں۔ غم کی اس گھڑی میں شہداء کے جنازوں کو رکھ کر دھرنا دینا خالصتاً مظلوم عوام کی ایماء پر کیا جارہا ہے جس میں بلوچستان کے تمام برادر اقوام بلا تفریق رنگ و نسل و عقیدہ شریک ہورہے ہیں۔ تاہم ایک خاص سیاسی پارٹی بقیہ نمبر70 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ میں ملوث دہشتگرد کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا، مشیر اقلیتی امور

ہزارہ برادری کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں جلد دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا

بلوچستان سے مکمل دہشت گردی کا خاتمہ ہوگا اور مائیل پریس کلب اوتھل کو گرانٹ فراہم کیا جائیگا، دھنیش کمار پلیانی

اوتھل (آن لائن) مشیر برائے اقلیتی امور بلوچستان دھنیش کمار پلیانی نے کہا ہے کہ سانحہ مچھ پر جتنا افسوس کیا جائے وہ کم ہے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی کاوشوں سے ماضی سے اب بلوچستان میں زیادہ امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے ہزارہ برادری کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں جلد دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا اور بلوچستان سے مکمل دہشت گردی کا خاتمہ ہو بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنماؤں کا حیات خان اچکزئی کے چچا کی وفات پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ، سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند خان جوگیزئی، نائب صدر شیخ بلال مندوخیل، ڈپٹی جنرل سیکرٹری شریف خان خلجی، ڈپٹی اطلاعات سیکرٹری حاجی ریاض شاہوانی، ملک بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

قبائلی رہنما ملک محمد انور شاہوانی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے

قلات (این این آئی) قبائلی رہنما ملک محمد انور شاہوانی قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے مرحوم ملک عبدالقادر شاہوانی ملک عبدالخالق شاہوانی اور ملک عبدالرؤف شاہوانی بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

راولپنڈی: واسا کی نااہلی کے باعث شہری دور دراز فلٹر سے پینے کا پانی بھرنے پر مجبور ہیں